لاہور، ملتان اور اسلام آباد سے بیک وقت اشاعت ABC Certified
روزنامہ میرا شہر ملتان
ایڈیٹر انچیف منظور چوہدری
چیف ایگزیکٹو: چوہدری شبیر حسین
ایڈیٹر: طیبہ منظور
گروپ ایڈیٹر: شیخ ارشد علی
جلد 30 | منگل 11 صفر 1445 29 اگست 2023 11 بھادوں صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ 108

مہنگی بجلی، صورتحال سول نافرمانی کی طرف جارہی ہے سینیٹ کمیٹی

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا چیئرمین سیف اللہ ابڑو کی زیر صدارت اجلاس، چیئرمین کمیٹی نے پوچھا کہ بجلی کے بلوں میں اضافے کی وجوہات کے بارے میں قوم جاننا چاہتی ہے

لوگ بل جلا رہے ہیں، کون ذمہ دار ہے، خیبر سے کراچی تک احتجاج ہو رہا ہے، صورتحال خراب ہے اور سول نافرمانی کی طرف جا رہی ہے، ملک کمزور ہو رہا ہے: بہرہ مند تنگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ کمیٹی نے پاور ڈویژن سے بجلی کی ریکوری، چوری اور نقصانات کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے کہا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

on
Breast Cancer, Disabiliti
Mental He ssu
ue : Bait al-
rd Universit

بیگم ثمینہ عارف علوی ہمدرد یونیورسٹی میں ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی، ذہنی صحت اور مختلف طور پر معذور افراد کی شمولیت کے موضوع پر انٹرایکٹو ڈائیلاگ سیشن کے دوران پینلسٹس میں یادداشتیں تقسیم کر رہی ہیں

بجلی گیس پانی کی بڑھتے ہوئے بلز ٹیکسز کے سلسلے میں راولپنڈی بکرامنڈی آئیسکیو آفس کے باہر شہریوں کا احتجاج

اسلام آباد (این این آئی) بجلی گیس پانی کی بڑھتے ہوئے بلز ٹیکسز کے سلسلے میں راولپنڈی بکرامنڈی آئیسکیو آفس کے باہر شہریوں نے احتجاج کرتے ہوئے وزیراعظم سے بجلی کے بلوں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

اے سی احمد پور شرقیہ کی طرف سے سیل کی گئیں دوکانیں

اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ کی دبنگ کارروائی

مظفر مارکیٹ چوک عباسیہ میں جانوروں کی کھالوں کی اسٹاکسٹ دو دوکانیں سیل کر دیں

احمد پور شرقیہ (تحصیل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ کی دبنگ کارروائی، مظفر مارکیٹ چوک عباسیہ میں جانوروں کی کھالوں کی اسٹاکسٹ دو دوکانیں سیل کر دیں۔ تفصیل کے مطابق چوک عباسیہ مظفر مارکیٹ میں جانوروں کے چمڑے کو اسٹاک کرنے کی دو دوکانیں تھیں جہاں پر جانوروں کے چمڑے کو نمک لگا کر اسٹاک کیا جاتا تھا جس سے کافی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

قدیمی مجلس عزا برا چہلم حضرت امام حسین علیہ السلام محلہ عباس نگر حبیب آباد میں انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی

حبیب آباد (رائے جمشید حسین) قدیمی مجلس عزا برا چہلم حضرت امام حسین علیہ السلام محلہ عباس نگر حبیب آباد میں انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی تفصیلات کے مطابق قدیمی مجلس عزا بسلسلہ چہلم نواسہ رسول حضرت امام حسین علیہ السلام محلہ عباس نگر عمر آباد بر مکان انور حسین جموں مرحوم منعقد کی گئی اس موقع پر چہلم کا جلوس بھی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

کسانوں کا استحصال کرنے والے کھاد ڈیلرز کسی رعائیت کے مستحق نہیں

کسان اس وقت ملکی معیشت کی وجہ سے مشکل ترین حالات سے گزر رہے ہیں: اسد اللہ خان

جتوئی (تحصیل رپورٹر ملک مختیار چنڈیر) کسانوں کا استحصال کرنے والے کھاد ڈیلرز کسی رعائیت کے مستحق نہیں، اسد اللہ خان اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت تفصیل کے مطابق ان خیالات کا اظہار اسد اللہ خان اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت تحصیل جتوئی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کسان اس وقت ملکی معیشت کی وجہ سے مشکل ترین حالات سے گزر رہے ہیں اخراجات بہت زیادہ ہیں کسانوں کی فصلات کے اخراجات

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

مایہ کاروں کو سازگار ماحول دینگے

انوار الحق کاکڑ

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کے زیر صدارت ایس آئی ایف سی ایپکس کمیٹی کا اجلاس ہوا، اجلاس میں چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے بھی شرکت کی

اجلاس میں سعودی عرب اور اسلامک آرگنائزیشن فار فوڈ سکیورٹی کے اعلیٰ سطح کے وفود کے دوروں کو نتیجہ خیز قرار دیا گیا' ایپکس کمیٹی نے ملکی معیشت کی بحالی کی طرف مثبت رفتار کو برقرار رکھنے میں اپنے عزم اور حمایت کا اظہار کیا

نگران وزیراعظم سے لارڈ عامر سرفراز کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال، برطانیہ میں مقیم پاکستانی تعلقات کو مزید بہتر کرنے میں انتہائی اہم کردار ادا کر رہے ہیں، انوار الحق کاکڑ

وزیر اعظم کی ایس آئی ایف سی کے تحت سرمایہ کاری کیلئے تیار موزوں ماحول سے بھرپور فائدہ اٹھانے اور تعین شدہ منصوبوں کی تکمیل کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کے زیر صدارت ایس آئی ایف سی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے ہاؤس آف لارڈز کے رکن لارڈ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

اسلام آباد: ڈاکٹر محمد فیصل، برطانیہ میں نامزد ہائی کمشنر، چیئرمین سینیٹ، محمد صادق سنجرانی سے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں

چیئرمین سینٹ سے پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

امید ہے بطور پاکستانی ہائی کمشنر پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات مزید بہتر ہوں گے، صادق سنجرانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے برطانیہ میں تعینات پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی چیئرمین سینیٹ نے ڈاکٹر فیصل کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کیلئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

شہباز شریف کی عالمی اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں جیولین تھرو میں سلور میڈل جیتنے پر ارشد ندیم کو مبارکباد

ارشد ندیم کی مسلسل محنت، کامیابیوں کے آسمان چھو لینے کی جستجو، جذبہ تمام نوجوانوں کے لئے مثال ہے' سابق وزیراعظم

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر وسابق وزیراعظم شہباز شریف نے عالمی اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں جیولین تھرو میں سلور میڈل جیتنے پر ارشد ندیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایک بار پھر قوم اور پاکستان کا سر فخر سے بلند کرنے پر ارشد ندیم کو مبارک پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ارشد ندیم کے والدین، کوچ اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت درج مقدمے میں شاہ محمود قریشی کے جسمانی ریمانڈ میں 2 روز کی توسیع

کیس میں پیشرفت نہ ہونے پر مزید جسمانی ریمانڈ نہیں دیا جائے گا، وکیل شعیب شاہین کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی خصوصی عدالت نے سفارتی سائفر سے متعلق آفیشل سیکرٹ ایکٹ 1923 کے تحت درج مقدمے میں گرفتار پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کا مزید 2 روز کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے اسلام آباد میں خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (SIFC) کی چوتھی اعلیٰ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔

ڈاکٹر نجیبہ عارف کی بطور چیئرپرسن اکادمی ادبیات تعیناتی کے خلاف درخواست میں فریقین کو جواب کیلئے نوٹسز جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر کی عدالت نے ڈاکٹر نجیبہ عارف کی بطور چیئرپرسن اکادمی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

اسلام آباد ہائیکورٹ کا شہریار آفریدی اور شاندانہ گلزار کو آئندہ سماعت تک گرفتار نہ کرنے کا حکم

اسلام آباد کے ڈپٹی کمشنر اور ایس ایس پی آپریشن کے خلاف توہین عدالت شوکاز میں فرد جرم کی کارروائی موخر کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہریار آفریدی اور شاندانہ گلزار کو آئندہ سماعت تک گرفتار نہ کرنے کا حکم دیتے ہوئے اسلام آباد کے ڈپٹی کمشنر اور ایس ایس پی آپریشن کے خلاف توہین عدالت شوکاز میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43

عمران خان کی سزا معطلی کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

آج سنایا جائے گا

چیئرمین پی ٹی آئی کی سزا معطلی کی درخواست پر اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس طارق محمود جہانگیری پر مشتمل بینچ کے روبرو سماعت کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی سزا معطلی کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا جو آج دن گیارہ بجے سنایا جائے گا۔ چیئرمین پی ٹی آئی کی سزا معطلی کی درخواست پر اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس طارق محمود جہانگیری پر مشتمل بینچ کے روبرو سماعت کی۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کے وکیل لطیف کھوسہ اور الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا، جو آج دن گیارہ بجے سنایا جائے گا۔ ساعت کا احوال چیئرمین پی ٹی آئی کی جانب سے لطیف کھوسہ بطور وکیل پیش ہوئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46

پی ایچ ایف کا انسانی امداد کے رد عمل میں بین الاقوامی رفاحی تنظیموں کی اہمیت پر زور

2022 کے تباہ کن سیلاب نے پاکستان کے متاثرہ علاقوں میں دیرپا اثرات چھوڑے ہیں متاثرہ علاقوں کے لیے وسیع پیمانے پر بحالی اور تعمیر نو کی ضرورت ہے، عادل شیراز

کراچی (بیورو رپورٹ) 20222023 کے تباہ کن سیلاب نے پاکستان کے مختلف علاقوں میں دیرپا اثرات چھوڑے ہیں، جس کے لیے وسیع پیمانے پر بحالی اور تعمیر نو کی ضرورت ہے۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو اور بحالی کا سفر اجتماعی کوششوں اور پائیداری کا متقاضی ہے،" پی ایچ ایف کی ایگزیکٹو کمیٹی کے سربراہ عادل شیراز نے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47

قانون سازی کے اقدامات سے خواتین کے حقوق کے تحفظ میں مدد ملی، سمیر اصمد

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس میں ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر کے اشتراک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44

کوالالمپور، پاک ملائشیا جشن آزادی کی مشترکہ تقریب کا انعقاد

کوالالمپور (این این آئی) ملائشیا کے شہر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45



کھلاڑیوں اور میچ آفیشلز کے ساتھ ساتھ شائقین کرکٹ کی سیکیورٹی کے لیے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ سی پی او منصور الحق رانا

ضلعی انتظامیہ نے پولیس اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر عمر جہانگیر

ملتان (بیورو چیف) سی پی او ملتان منصور الحق رانا نے ڈپٹی کمشنر ملتان عمر جہانگیر کے ہمراہ ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے ایشیا کپ کے افتتاحی میچ کے سیکیورٹی انتظامات کے سلسلے میں اسٹیڈیم اور روٹ کا وزٹ کیا۔ ایس ایس پی آپریشنز ملتان محمد عمران اور ایس پی صدر ڈویژن شمس الدین ان کے ہمراہ تھے پاک فوج کے افسران بھی اس دوران ان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

منشیات فروش قومی مجرم ہیں کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ سی پی او ملتان منصور الحق رانا

تھانے کی حدود سے منشیات فروشوں کا خاتمہ اولین ترجیح ہے۔ ایس ایچ او طارق جواد، محمد بلال ایس آئی

ملتان (بیورو چیف) سی پی او ملتان منصور الحق رانا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57

تھانہ سٹی کا علاقہ صدیق پورہ ہاؤسنگ سوسائٹی میں تہرے قتل کا لرزہ خیز واقعہ

میکے آئی ہوئی تقریبا 22 سالہ لڑکی کو تقریبا 60 سالہ باپ اور تقریبا 25 سالہ بھائی سمیت صبح سویرے فائرنگ کر کے قتل کر دیا

نارووال (عامر ملک) تھانہ سٹی کے علاقہ صدیق پورہ ہاؤسنگ سوسائٹی میں تہرے قتل کا لرزہ خیز واقعہ۔ میکے آئی ہوئی تقریبا 22 سالہ لڑکی کو تقریبا 60 سالہ باپ اور تقریبا 25 سالہ بھائی سمیت صبح سویرے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ ملزم موقع واردات سے فرار۔ تہرے قتل کی ٹھوس وجوہات سامنے نا آسکی۔ پولیس کرائم سین موقع پر پہنچ گئی شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیئے لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لئے ڈی ایچ کیو ہسپتال نارووال منتقل کر دیا۔ تہرے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49

پاکستان اور چین ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھ سکتے ہیں، پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی شعبہ تاریخ ومطالعہ پاکستان، کیمونیکیشن یونیورسٹی آف چائنہ، پاکستان ریسرچ سینٹر فار اے کمیونٹی ود

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48

پاکستان آبادی کے لحاظ سے دنیا کا پانچواں بڑا ملک، ہیومن ڈویلپمنٹ انڈیکس میں 154 ویں نمبر پر ہونا قابل تشویش

لاہور (این این آئی) وزیر پرائمری ہیلتھ و بہبود آبادی پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا ہے کہ پاکستان آبادی کے لحاظ سے دنیا کا پانچواں بڑا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50

پاکستان انجینئرنگ کونسل نے انجینئرنگ پروگرامز میں داخلوں کے لئے پنجاب یونیورسٹی انٹری ٹیسٹ کو تسلیم کر لیا

لاہور (این این آئی) پاکستان انجینئرنگ کونسل نے انجینئرنگ پروگرامز میں داخلوں کے لئے پنجاب یونیورسٹی کے انٹری ٹیسٹ کو تسلیم کر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51

آئین 90 روز میں انتخابات کا تقاضا کرتا ہے، حلقہ بندی آئینی ضرورت نہیں، سینیٹر وقار مہدی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکریٹری سینیٹر وقار مہدی نے فاروق ستار کی پریس کانفرنس پر رد عمل کا اظہار

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53

ایسوسی ایشن آف بزنس پروفیشنل اینڈ ایگریکلچرل ویمن قومی ومذہبی تہواروں کو جوش وخروش سے منانے میں پیش پیش

راولپنڈی (این این آئی) ایسوسی ایشن آف بزنس پروفیشنل اینڈ ایگریکلچرل ویمن (ABP&AW) قومی ومذہبی تہواروں کو جوش

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54

بے تحاشہ مہنگائی، بجلی کے بلوں اور بے تحاشہ ٹیکسوں کے خلاف عوام سراپا احتجاج

مارچ اور جلسہ بجلی کے بلز نذر آتش اور 2 ستمبر کو مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان

پنڈ دادنخان (عبدالحفیظ) پنڈ دادنخان بے تحاشہ مہنگائی اور اندھا دھند بجلی کے بلوں اور بے تحاشہ ٹیکسوں کے خلاف پنڈ دادنخان کی عوام سراپا احتجاج تاجران اور شہریوں کا تاریخ ساز احتجاجی مارچ اور جلسہ بجلی کے بلز نذر آتش اور 2 ستمبر کو مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان تفصیلات کے مطابق بجلی کے بلوں میں اندھا دھند ٹیکسوں اور مہنگائی کے خلاف تاجران

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52

بجلی کے بھاری بل اور عوام پر کمر توڑ معاشی بوجھ اوکاڑہ کے وکلاء بھی عوام کی آواز بن گئے

ڈسٹرکٹ بار اور تحصیل بار کے وکلاء نے عوام سے اظہار یکجہتی کے ہڑتال کر دی وکلاء عدالتوں میں پیش نہیں ہوئے

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ بجلی کے بھاری بل اور عوام پر کمر توڑ معاشی بوجھ اوکاڑہ کے وکلاء بھی عوام کی آواز بن گئے ڈسٹرکٹ بار اور تحصیل بار کے وکلاء نے عوام سے اظہار یکجہتی کے ہڑتال کر دی وکلاء عدالتوں میں پیش نہیں ہوئے ڈسٹرکٹ بار کے صدر طلعت محمود اور جنرل سیکرٹری جنید اقبال کھچی نے مشترکہ بیان میں کہا کہ بجلی کے بھاری بلوں نے عوام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64

حلقہ پی پی 277 جتوئی کی غیور عوام اب چکر دھاریوں کو پہچان چکی ہے، پیر رانجھو سائیں

اب پی پی 277 جتوئی کی غیور عوام جاگ چکی ہے اب کسی بھی چکر دھاریوں کے چکر میں نہیں آئے گی

جتوئی (تحصیل رپورٹر ملک مختیار چنڈیر) حلقہ پی پی 277 جتوئی کی غیور عوام اب چکر دھاریوں کو پہچان چکی ہے، پیر رانجھو سائیں سجادہ نشین دربار عالیہ صابریہ مہر آباد شریف و امیدوار ایم پی اے حلقہ پی پی 277 جتوئی کی میڈیا کے دوستوں سے خطاب، پیر رانجھو سائیں امیدوار ایم پی اے حلقہ پی پی 277 جتوئی کا کہنا تھا کہ اب پی پی 277 جتوئی کی غیور عوام جاگ چکی ہے اب کسی بھی چکر دھاریوں کے چکر میں نہیں آئے گی ان شاءاللہ تعالیٰ اب اپنے پیروں پر کھڑی ہو کر ان چکر دھاریوں لٹیروں کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 67

سیالکوٹ سنگدل بیٹے نے باپ کو قتل کر دیا

سیالکوٹ (لیڈی رپورٹر روبی طارق) سیالکوٹ سنگدل بیٹے نے باپ کو قتل کر دیا سیالکوٹ کے علاقہ مراد پور میں پیش آیا یہ واقعہ ہفتہ کی شام رات ایک بجے بیٹا گھر پر آیا جس کا باپ چھت پر سو رہا تھا والدہ نے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60

شاہراہوں کی بحالی کے پروگرام کے تحت ڈویژن میں زیر تعمیر عوامی ضرورت کی سکیموں پر کام کی رفتار مزید تیز کریں: کمشنر سلوت سعید

فیصل آباد (محمد سلام) کمشنر سلوت سعید نے ہدایت کی ہے کہ شاہراہوں کی بحالی کے پروگرام کے تحت ڈویژن میں زیر تعمیر عوامی ضرورت کی سکیموں پر کام۔۔کی رفتار مزید تیز کریں اس ضمن میں اعلیٰ تعمیراتی معیار اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔ ڈپٹی کمشنرز منصوبوں کی نگرانی کریں' انہوں نے روڈری ہیب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56

مقامی صحافی سردار ربانی کی بیٹیوں خدیجہ سردار اور عائشہ سردار نے کلاس نہم کے سالانہ امتحان میں بالترتیب 503 نمبر اور 432 نمبر حاصل کئے

شکر گڑھ (تحصیل رپورٹر) مقامی صحافی سردار ربانی کی بیٹیوں خدیجہ سردار اور عائشہ سردار نے کلاس نہم کے سالانہ امتحان میں بالترتیب 503 نمبر اور 432 نمبر حاصل کئے ان کی اس کامیابی پر چیئرمین پریس کلب منظور حسین۔ صدر پریس کلب میاں دلشاد شریف۔ جنرل سیکرٹری پریس کلب حافظ ابرار چوہدری۔ ارشاد احمد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58

بجلی کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ
منظور نامنظور

منڈی بہاوالدین بجلی کے زیادہ بلوں ٹیکسوں اور مہنگائی کے خلاف احتجاج

منڈی بہاوالدین میں مہنگائی بجلی کے بلوں ٹیکسوں کے خلاف میڈیا سول سوسائٹی اور کسان اتحاد کا احتجاج

منڈی بہاوالدین (فیصل شکور) سے منڈی بہاوالدین میں مہنگائی بجلی کی لیٹ ریڈنگ ٹیکسز نے عوام کی کمر توڑ دی جس پر ایک صحافی رستم علی نے احتجاج کی کال دی جس پر کالج چوک میں احتجاج کیا گیا جس میں تمام صحافیوں نے شرکت کی جس میں رستم علی میڈم افشاں سینئر صحافی فیاض احمد بٹ عرف صابی خواجہ فرحان خاور محمود قریشی مرزا ابلال فیصل شکور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59

ڈیرہ اسماعیل خان اکیڈمک کلنڈر پر نظر ثانی کے حوالے سے ڈائریکٹر اکیڈمکس ڈاکٹر ثاقب علی کی زیر صدارت میٹنگ جاری ہے

اکیڈیمک کلنڈر پر نظر ثانی کے حوالے سے میٹنگ

جس میں مختلف شعبہ جات کے انچارج سربراہان اور اسسٹنٹ رجسٹرار زیب القمر ڈائریکٹر فنانس جوہر زمان نے بھی شرکت کی

کمر مشانی (طارق محمود خان سے) وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شکیب اللہ کی ہدایات پر اکیڈمک کلنڈر پر نظر ثانی کے حوالے سے ڈائریکٹر اکیڈمکس زرعی یونیورسٹی ڈاکٹر ثاقب علی کی زیر صدارت میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف شعبہ جات کے انچارج سربراہان اور اسسٹنٹ رجسٹرار زیب القمر ڈائریکٹر فنانس جوہر زمان نے بھی شرکت کی اس میٹنگ میں طلبا اور طالبات کی سرگرمیوں کو بہتر بنانے کیل٭ے اقدامات اٹھا٭یں گ٭ے اس موقع پر ڈا٭ریکٹر ڈاکٹر ثاقب علی نے میٹنگ سے خطاب کرتے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62

چیئرمین پی ٹی آئی کی سہولیات سے متعلق رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع

چیئرمین پی ٹی آئی کی طبی چیک اپ کے لئے پانچ ڈاکٹرز کا پینل ہر وقت موجود ہوتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی کو اٹک جیل میں فراہم سہولیات کی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کروادی گئی جس میں کہا گیا ہے کہ جیل میں چیئرمین پی ٹی آئی کو ڈائٹ فوڈ ان کی مشاورت سے دیا جاتا ہے، ملزم کی ڈیمانڈ پر ہفتے میں دو بار دیسی مرغی اور ایک بار چھوٹا گوشت دیسی گھی میں تیار کر کے فراہم کیا جاتا ہے، موسمی پھل بھی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55

16 ماہ میں پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچایا اب عوام کو مہنگائی سے بچائیں گے

مریم نواز

نواز شریف کی دی ہوئی ترقی کا عمل نہ روکا جاتا تو آج غریب عوام کی آنکھوں میں آنسو نہ ہوتے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ آج کے تمام مسائل پراجیکٹ عمران کے چار سالہ دور فسطائیت سے جنم لیا، عوام کے حقیقی منتخب نمائندے ہی ایک ایسی حکومت دے کر جو مہنگائی کے عفریت کو قابو کر کے ترقی و خوشحالی کے دور کو دوبارہ شروع کر سکتے ہیں، ہم ان شاءاللہ مہنگائی کے جن کو ویسے ہی بوتل بند کر سکتے ہیں جیسے لوڈشیڈنگ، دہشتگردی اور کراچی کی لاقانونیت کو ختم کیا تھا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب ویمن یوتھ ونگ کی رہنماؤں اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66

اداریہ

مہنگی بجلی پر ہنگامی اجلاس

بجلی کے نرخوں میں آئے دن بھاری اضافوں کے ساتھ ساتھ بلوں میں مسلسل نت نئے ٹیکسوں کے شامل کیے جانے کا نتیجہ بالآخر عوام کے پھٹ پڑنے کی شکل میں سامنے آیا اور پورے ملک میں جمعے کے بعد ہفتے کے روز بھی احتجاجی مظاہروں کا سلسلہ جاری رہا۔ کراچی، حیدرآباد، لاہور، اسلام آباد، پشاور، راولپنڈی، سرگودھا، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، ملتان سمیت ملک بھر میں ہونے والے احتجاجی مظاہروں اور دھرنوں میں تاجر برادری اور وکلاء بھی شامل ہوگئے ہیں۔ مظاہرین نے بالکل درست مؤقف اختیار کرتے ہوئے سوالات اٹھائے ہیں کہ ملک کے جو طاقتور طبقات بجلی چوری کر رہے ہیں آخر ان کے خلاف کوئی فیصلہ کن قدم کیوں نہیں اٹھایا جاتا؟ واپڈا افسران و ملازمین کو بجلی مفت کیوں دی جارہی ہے، کیا وہ بھاری تنخواہیں وصول نہیں کرتے؟ ملازمین کی آشیرباد سے اربوں روپے کی بجلی چوری بھی کی جارہی ہے اور اس کی قیمت بھاری بلوں کی شکل میں غریب عوام سے وصول کی جارہی ہے، یہ سلسلہ ختم کیوں نہیں ہوتا، عوام روٹی کھائیں یا بل دیں؟ ملک بھر میں مظاہرین کی جانب سے مطالبہ کیا گیا کہ بجلی کے نرخوں میں اضافہ اور تمام ٹیکس ختم کیے جائیں ورنہ عوام اور تاجر برادری پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن ہڑتال پر مجبور ہوں گے۔ عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوجانے کے ان واضح شواہد کے سامنے آنے پر نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے معاملے کی نزاکت کو محسوس کیا اور بجلی کے نرخوں کے حوالے سے تمام متعلقہ اداروں اور حکام پر مشتمل ہنگامی اجلاس طلب کرلیا۔ ہفتے کو ایوان وزیراعظم سے جاری کیے گئے بیان کے مطابق وزیرِ اعظم نے بجلی کے نرخوں اور صارفین کے بلوں پر اتوار کو ہنگامی اجلاس طلب کرلیا ہے اور وزارت توانائی اور تقسیم کار کمپنیوں کو اس حوالے سے تفصیلی بریفنگ پیش کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ اجلاس میں صارفین کو بجلی کے بلوں کے حوالے سے زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کے ضمن میں مشاورت کی جائے گی۔ دوسری جانب سیکرٹری توانائی نے گریڈ 17 اور اس سے اوپر کے تمام ملازمین کیلئے مفت بجلی کی سہولت ختم کرنے کا اعلان کر دیا ہے جس کی ضرورت برسوں سے محسوس کی جارہی تھی۔ ان کی میڈیا بریفنگ کے مطابق ان ملازمین کو مفت بجلی کی جگہ پیسے دیئے جائیں گے اور اس سلسلے میں سمری جلد کابینہ کو بھجوادی جائے گی۔ وزیراعظم نے بجلی کے بلوں کو عوام کی دسترس میں لانے کیلئے متعلقہ اداروں کا ہنگامی اجلاس طلب کر کے یقیناً درست فیصلہ کیا ہے۔ خدا کرے کہ یہ اجلاس نتیجہ خیز ثابت ہو اور عوامی مفاد میں مؤثر فیصلے کیے جاسکیں۔ یہ صورت حال بلاشبہ کھلا ظلم ہے کہ لاکھوں کی تنخواہیں وصول کرنے والے حکام و افسران بشمول عدلیہ اور سول و ملٹری بیوروکریسی کو مفت بجلی، گیس، پٹرول، گاڑیاں، رہائش اور ملازمین جیسی سہولتیں عوام کے ٹیکسوں سے فراہم کی جائیں اور چند ہزار ماہانہ کمانے والے عوام الناس پر بجلی گیس پٹرول کے نرخوں میں مسلسل اضافوں کے ساتھ نت نئے ٹیکسوں اور سینکڑوں ارب کی بجلی چرانے والوں کا بوجھ لادا جاتا رہے۔ اب تک لوگوں کی داد و فریاد کا محض یہ عذر پیش کیا جاتا رہا ہے کہ آئی ایم ایف کی شرائط ہماری مجبوری ہیں لہٰذا عوام کو کسی قسم کی سبسڈی نہیں دی جاسکتی لیکن فی الحقیقت بجلی چوری اور مراعات ختم کر کے عوام کا بوجھ کم کرنے کا راستہ بہر حال کھلا ہوا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سولر سسٹم کیلئے بینکوں سے قرضے بھی دلائے جاسکتے ہیں۔ ڈالر کے نرخ نیچے لانے کے اقدامات بھی بجلی گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں کمی کا یقینی ذریعہ بن سکتے ہیں

نگران حکومت انتخابی عمل میں معاونت کیلئے تیار

مہمان کالم

تحریر۔ سارہ کائنات

.انتخابات کروانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے الیکشن کمیشن آف پاکستان سے ملک بھر میں آئین کے آرٹیکل 224 میں دیے گئے وقت کے اندر انتخابات کے انعقاد کے لیے اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کو عام انتخابات کی مناسب تاریخ طے کرنے کے لیے ملاقات کی دعوت دی۔ صدر مملکت نے چیف الیکشن کمشنر کے نام خط میں آئینی تقاضے کا حوالہ دیا کہ قومی اسمبلی کی تحلیل کے بعد 90 روز کے اندر عام انتخابات ضروری ہیں۔ ویب سائٹ پر جاری خط کی کاپی کے مطابق صدر مملکت نے لکھے گئے خط میں کہا ہے کہ وزیراعظم کی تجویز پر قومی اسمبلی 9 اگست 2023 کو تحلیل کردی تھی۔ آئین پاکستان کے آرٹیکل 48 کی ذیلی شق 5 کے تحت صدر مملکت تاریخ دینے کا پابند ہے جو قومی اسمبلی کی تحلیل کے بعد عام انتخابات کے لیے 90 روز سے زیادہ نہ ہو۔ صدر مملکت نے آئین کے آرٹیکل 48 کی شق 5 کا حوالہ دیا جس میں کہا گیا کہ جب صدر، قومی اسمبلی تحلیل کرتا ہے اور اس کا شق ون کا کوئی حوالہ نہیں ہوتا ہے تو وہ قومی اسمبلی کے انتخابات کے لیے تاریخ دے گا جو اسمبلی کی تحلیل کے دن کے بعد 90 روز سے طویل نہ ہو۔ چیف الیکشن کمشنر (سی ای سی) سکندر سلطان راجا نے صدر مملکت عارف علوی کی طرف سے عام انتخابات کے لیے 'مناسب تاریخ طے کرنے' کے پیش نظر ملاقات کے لیے لکھے گئے خط کا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملاقات کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا جبکہ انتخابی قوانین میں تبدیلی کے بعد عام انتخابات کی تاریخ طے کرنے کا اختیار کمیشن کا ہے۔ صدر مملکت عارف علوی نے گزشتہ روز چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کو خط لکھا تھا، جس میں انہوں نے الیکشن کمشنر کو ملک میں عام انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے ملاقات کی دعوت دی تھی۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن کی جانب سے انتخابی شیڈول پر مشاورت سے انکار کے بعد ایوانِ صدر نے وزارت قانون سے رائے مانگ لی۔ الیکشن کمیشن نے صدر سے ملاقات کی پیشکش کو مسترد کرتے ہوئے ڈاکٹر عارف علوی کو جوابی خط لکھا، جس میں کہا گیا کہ الیکشن کی تاریخ کا اعلان کرنا الیکشن کمیشن کا اختیار ہے۔ ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال میں عام انتخابات کی تاریخ دینا کس کا کام ہے، آیا تاریخ صدر مملکت دیں گے؟ یا انتخابات کی تاریخ دینے کا اختیار الیکشن کمیشن کو ہے، ایوانِ صدر نے وزارت قانون سے رائے مانگ لی۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے عام انتخابات کی تاریخ پر صدر مملکت عارف علوی سے ملاقات نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ جس کے بعد ایوانِ صدر نے وزارت قانون سے رائے مانگ لی۔ ایوانِ صدر نے معاملے پر وزارت قانون کی رائے لینے کیلئے خط سیکرٹری وزارت قانون کو ارسال کیا۔ وزارت قانون سے رائے طلب کرتے ہوئے ایوانِ صدر نے استفسار کیا کہ کیا الیکشن کی تاریخ دینا صرف الیکشن کمیشن کا اختیار ہے۔ ایوانِ صدر نے ڈاکٹر عارف علوی کے کل کے خط کے جواب میں الیکشن کمیشن کے مؤقف پر رائے مانگی ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل ترجمان الیکشن کمیشن کا کہنا تھا کہ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت الیکشن کمیشن میں اجلاس ہوا جس میں ممبران اور سیکرٹری الیکشن کمیشن شریک ہوئے۔ اجلاس کے بعد الیکشن کمیشن نے اعلامیہ جاری کیا جس میں ملاقات کی پیشکش کو مسترد کرتے ہوئے صدر علوی کو جوابی خط لکھ دیا گیا۔ چیف الیکشن کمشنر کی جانب سے بھجوائے گئے خط میں کہا گیا کہ صدر نے قومی اسمبلی آئین کے آرٹیکل 58 ایک کے تحت تحلیل کیں، اسی آرٹیکل کے تحت الیکشن کی تاریخ کا اعلان الیکشن کمیشن کا اختیار ہے۔ مراسلے میں کہا گیا کہ اگر صدر مملکت قومی اسمبلی 58 ٹو بی کے تحت تحلیل کرتے تو عام انتخابات کے اعلان کا اختیار صدر کے پاس تھا۔ نگران حکومت کے وزیراعظم انتخابی عمل میں معاونت مدد کرنے کیلئے تیار نظر آتے ہیں۔ انوار الحق کاکڑ کا کہنا ہے کہ ہمارے پاس محدود وقت ہے اور ہمارا کام صرف انتخابی عمل میں معاونت کرنا ہے، اس سے زیادہ ہمارا کوئی مینڈیٹ نہیں، کچھ دوست سمجھتے ہیں کہ میں اس مینڈیٹ سے زیادہ بات کر رہا ہوں لیکن میں نگران وزیراعظم کے ساتھ ساتھ اس ملک کا بافخر شہری بھی ہوں تو بطور شہری جو بھی میری رائے ہوتی ہے اس کے اظہار سے ہم کسی کو نہیں روکتے ہیں تو براہ مہربانی مجھے بھی نہ روکا جائے※ نگران وزیراعظم نے کہا کہ ہماری زندگیوں میں تلخ واقعات بھی وقتاً فوقتاً آتے ہیں، کل ہی ہمارے کئی جوان وزیرستان میں شہید ہوئے ہیں، میں اس موقع پر نا صرف کل شہید ہونے والے جوانوں بلکہ بقیہ 70 سے 80 ہزار افراد شہدا کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور میں حکومت کے نمائندے کی حیثیت سے ان تمام شہدا کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہم آپ کو بھولیں گے نہیں، آپ ایسے ہی ہمارے اپنے ہیں جیسے ہمارے خونی رشتے ہم سے جدا ہوئے ہیں۔ نگران وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانیت ایک جامع لفظ ہے، اس کے اندر ریاست اپنے لوگوں کی حفاظت کرتی ہے، ان کو روزگار فراہم کرتی ہے، ان کی صحت کا خیال رکھتی ہے، ان کو تعلیم کے مواقع فراہم کرتی ہے اور ایک باوقار زندگی کا موقع فراہم کرتی ہے، یہ اس کی ذمے داریوں میں شامل ہے اور اس ذمے داریوں کو روکنے کے لیے جو بھی عناصر یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہمارے طرز زندگی کو بزور طاقت بدل دیں گے، ان کو اپنی غلط فہمی دور کرلینی چاہیے، ایسا قطعاً نہیں ہوگا، یہ ہمارا گھر ہے ہم کہیں نہیں جا رہے اور گھر کا نظام بہت ہی بااختیار اور باصلاحیت لوگوں کے ہاتھ میں ہے۔ یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ خط میں صدر عارف علوی نے آئین کے آرٹیکل 244 کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا تھا کہ وہ قومی اسمبلی کے قبل از وقت تحلیل ہونے کے بعد 90 دن کی مقررہ مدت میں انتخابات کروانے کے پابند ہیں۔ صدر کی جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا تھا کہ 'صدر کی جانب سے وزیراعظم کے مشورے پر 9 اگست کو قومی اسمبلی کو تحلیل کیا گیا تھا، جبکہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 48 (5) کے تحت صدر اس بات کے پابند ہیں کہ وہ اسمبلی تحلیل کی تاریخ سے 90 دن میں عام انتخابات کے انعقاد کے لیے تاریخ مقرر کریں۔ انہوں نے کہا تھا کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 48 کی ذیلی شق 5 کے تحت صدر مملکت تاریخ دینے کے پابند ہیں جو قومی اسمبلی کی تحلیل کے بعد عام انتخابات کے لیے 90 روز سے زیادہ نہ ہو۔ صدر مملکت نے آئین کے آرٹیکل 48 کی شق 5 کا حوالہ دیا جس میں کہا گیا کہ جب صدر، قومی اسمبلی تحلیل کرتا ہے اور اس کا شق ون کا کوئی حوالہ نہیں ہوتا ہے تو وہ قومی اسمبلی کے انتخابات کے لیے تاریخ دے گا جو اسمبلی کی تحلیل کے دن کے بعد 90 روز سے طویل نہ ہو۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن نے گزشتہ ہفتے ڈیجیٹل مردم شماری 2023 کے شائع سرکاری نتائج کے مطابق نئی حلقہ بندیاں کرنے کا فیصلہ کیا تھا اور اس حوالے سے صوبائی حکومتوں اور ادارہ شماریات سے معاونت طلب کی تھی، اس سلسلے میں ضروری احکامات جاری کر دیے گئے تھے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری شیڈول کے مطابق حلقہ بندیاں حتمی طور پر 14 دسمبر 2023 کو شائع کی جائیں گی۔ الیکشن کمیشن سے جاری شیڈول کے مطابق 17 اگست 2023 تک ملک کے تمام نوٹس کی حدود منجمد کردی گئی ہیں جس کا الیکشن کمیشن نوٹیفکیشن جاری کردے گا اور 21 اگست تک اسلام آباد سمیت ہر صوبے کے لیے حلقہ بندیوں کی کمیٹیاں تشکیل دے دی جائیں گی۔ اس کے بعد 31 اگست تک انتظامیہ امور نمٹانے کے بعد حلقہ بندیوں کی کمیٹیوں کو ٹیم سے چار ستمبر تک تربیت دی جائے گی اور 5 سے 7 اگست تک قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے لیے ڈسٹرکٹ کوٹہ کا تعین اور اسے شیئر کیا جائے گا۔ 8 ستمبر سے 7 اکتوبر تک کمیٹیاں ابتدائی حلقہ بندیاں کریں گی جس کے بعد 9 اکتوبر کو حلقہ بندیوں کی ابتدائی رپورٹ شائع کی جائے گی۔ 10 اکتوبر سے 8 نومبر تک حلقہ بندیوں کے حوالے سے کسی بھی قسم کے اعتراضات کمیشن کے سامنے دائر کیے جاسکیں گے اور 10 نومبر سے 9 دسمبر تک کمیشن ان اعتراجات پر سماعت کرے گا جس کے بعد 14 دسمبر 2023 کو حتمی حلقہ بندیاں شائع کردی جائیں گی۔ ادھر الیکشن کمیشن آف پاکستان نے آئندہ عام انتخابات کے حوالے سے مشاورت کے لیے سیاسی جماعتوں کو خط لکھا اور جماعتوں کے نمائندوں کو دعوت دی ہے۔ خط میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری ہے کہ وہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 218 (3) کے مطابق انتخابات کا انعقاد کرے اور انتخابات یقینی بنانے کے لیے ضروری انتظامات کرے۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ انتخابات ایمان داری، انصاف کے ساتھ، منصفانہ اور قانون کے مطابق کرائے جاتے ہیں، موجودہ سیاسی منظر نامے کو مدنظر رکھتے ہوئے الیکشن کمیشن نے انتخابی روڈ میپ کے لیے دعوت دینے کا فیصلہ کیا۔

سسٹم اور بجلی کا جھٹکا

نفیس صدیقی

بجلی کے بلوں کے خلاف پاکستان بھر میں لوگ سراپا احتجاج ہیں اور احتجاج کے مختلف طریقے اختیار کر رہے ہیں۔ کہیں سڑکوں پر نکل کر لوگ مظاہرے کر رہے ہیں اور بجلی کے بل جلا رہے ہیں۔ کہیں بجلی کے اداروں کے دفاتر پر مشتعل افراد اپنے ردعمل کا اظہار کر رہے ہیں۔ کہیں تاجروں کی تنظیمیں اپنے حلقہ اثر میں لوگوں کو قائل کر رہی ہیں کہ لوگ بل ادا نہ کریں۔ کہیں مساجد سے اعلانات ہو رہے ہیں کہ لوگ بجلی کا بل ادا نہ کریں۔ کہیں بجلی کے زیادہ بلوں پر گھروں کے اندر آپس میں لڑائی جھگڑے اور قتل ہو رہے ہیں اور کہیں بل ادا نہ کر سکنے کی وجہ سے لوگ خودکشی کر رہے ہیں۔ پاکستانی سماج میں بالآخر وہ ہلچل اور کھلبلی پیدا ہو چکی ہے، جسے طویل عرصے سے روکا جا رہا تھا۔ یہ ہلچل کیا صورت اختیار کرے گی، شورش، منظم سیاسی مزاحمت یا بے سمت انتشار؟ یا تھوڑے عرصے میں خود ہی ختم ہو جائے گی؟

لوگ اس لئے بجلی کے بلوں پر احتجاج کر رہے ہیں کہ وہ ان بلوں کی ادائیگی کے قابل نہیں رہے۔ پاکستان کے 80 فیصد سے زیادہ گھرانوں کی کل ماہانہ آمدنی کا زیادہ تر حصہ بجلی کے بلوں کی ادائیگی میں چلا جاتا ہے اور کہیں تو ایسا بھی ہوتا ہے کہ کل ماہانہ آمدنی سے زیادہ بجلی کا بل آ جاتا ہے۔ عالمی مالیاتی ادارے اور ان کے پروردہ پاکستانی حکمران اس منطق پر بجلی کے نرخوں میں اضافہ کر رہے ہیں کہ دنیا کے دیگر ملکوں کے مقابلے میں بجلی اب بھی پاکستان میں سستی ہے۔ وہ یہ نہیں دیکھ رہے کہ دیگر ملکوں میں لوگوں کی آمدنی کیا ہے۔ ان کی کرنسی کی قدر کیا ہے اور ان کی کل ماہانہ آمدنی کا کتنا فیصد بجلی کے بلوں کی مد میں چلا جاتا ہے۔ دیگر ملکوں میں بجلی یا دیگر یوٹیلٹی بلز پر ایسے ٹیکسز نہیں ہوتے، جو پاکستان میں لگائے جاتے ہیں۔ یہ ٹیکسز بجلی پیدا اور تقسیم کرنے والے اداروں کو نہیں ملتے بلکہ حکومت کے خزانے میں چلے جاتے ہیں۔ ان ٹیکسوں سے ہونے والی وصولیوں سے حکومت اپنے بجٹ کے دیگر اخراجات اور خسارے پوری کرتی ہے۔ یہ احتجاج لوگوں نے اپنے طور پر شروع کیا ہے، اس لئے کہ ان کے صبر اور ان کی برداشت کا پیمانہ لبریز ہو گیا ہے۔ کسی سیاسی، مذہبی یا قوم پرست جماعت یا جماعتوں نے اس احتجاج کیلئے نہ تو کوئی منصوبہ بندی کی اور نہ اس معاملے پر لوگوں کو اکسایا۔ اس لئے یہ احتجاج منظم نہیں ہے۔ یہ لوگوں کا اشتعال اور ردعمل ہے۔ پاکستان کی بڑی سیاسی جماعتوں کی طرف سے ابھی تک اس احتجاج کو سیاسی تحریک میں بدلنے کیلئے کوئی کام نہیں کیا گیا کیونکہ ان کے پیش نظر مستقبل کی سیاست ہے۔ وہ مہنگائی اور استحصال کے خلاف لوگوں کے ساتھ کھڑی ہو جاتی ہیں تو وہ اس کیمپ سے نکل جائیں گی، جس میں رہ کر وہ ملکی اور عالمی اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ اقتدار کیلئے سمجھوتے کر سکتی ہیں۔ یہ مہنگائی سامراجی مظہر (Phenomenon) ہے۔ اس کے خلاف تحریک بھی کثیر جہتی ہوتی ہے۔ ایسی تحریک سیاسی جماعتوں کو دوسرے کیمپ میں دھکیل دیتی ہے

بروقت عام انتخابات

حذیفہ رحمٰن

مرکز میں نگراں حکومت کے قیام کو دو ہفتے گزر چکے ہیں۔ انتہائی محنت اور تلاش کے بعد نگراں حکومت کی یہ شکل بنی تھی۔ مگر اب تک نگراں حکومت ہر معاملے میں بے بس نظر آتی ہے۔ جس دن سے وہ وجود میں آئی ہے، ڈالر اور سونا بے لگام ہو چکے ہیں۔ جو ڈالر 285 سے 290 کے درمیان مارکیٹ میں دستیاب تھا، اب وہ 315 میں بھی دستیاب نہیں ہے۔ سونے کی قیمت دو لاکھ بیس ہزار تولہ تھی، جو اس وقت دو لاکھ پینتیس ہزار روپے فی تولہ پر پہنچ گئی ہے۔ یہ سب کچھ صرف گزشتہ دو ہفتوں میں ہوا ہے۔ وزارت خزانہ کیلئے بہترین معاشی ماہر کا انتخاب کیا گیا مگر معیشت ان کے کنٹرول میں بھی نہیں آرہی۔ نگراں کابینہ کے قیام سے قبل عمومی تاثر تھا کہ قابل اور تجربہ کار ٹیکنوکریٹس پر مشتمل ٹیم سامنے لائی جا رہی ہے۔ جو معیشت کو بہتر نہ بھی کرسکی تو مزید خراب نہیں ہونے دے گی۔ لیکن تمام دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے۔ دراصل قصور ان ٹیکنوکریٹس پر مشتمل نگراں وزراء یا ان کا چناؤ کرنے والے کا نہیں ہے۔ بلکہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ فیصلہ ساز اب تک معاشی بیماری کو جڑ سے پکڑ نہیں پا رہے۔ نگراں حکومتیں ملک میں کبھی معاشی استحکام نہیں لاسکتیں۔ معاشی استحکام براہ راست سیاسی استحکام کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ عوام کے ووٹوں سے منتخب ہونے والی پانچ سالہ حکومت ہی معیشت کو دوبارہ پٹڑی پر چڑھا سکتی ہے۔ کیونکہ معیشت کو دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے ضروری ہے کہ عوام کی اکثریت حکومت وقت پر اعتماد کرے اور اپنا سرمایہ ڈالر اور سونے سے نکال کر واپس ملک کی معیشت میں شامل کرے۔ ایسا تب ہی ممکن ہے جب عوام کی نمائندہ حکومت برسر اقتدار ہو، چاہے وہ کسی بھی جماعت کی ہو۔ کیونکہ عمران پروجیکٹ اتنی بڑی غلطی تھی کہ اس نے پاکستان کی معاشی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے اور جو بھی حکومت محدود مدت کیلئے آتی ہے۔ اسے سمجھ ہی نہیں آتی کہ وہ معیشت کے مرض کو کہاں سے ٹھیک کرنا شروع کرے۔ پی ڈی ایم حکومت بھی 16 ماہ تک وینٹی لیٹر پر چلتی رہی، ہر آنے والے دن اسے لگتا تھا کہ شاید یہ اس کا آخری دن ہو اور ویسے بھی 13 جماعتوں کے چوں چوں کے مربے نے بھلا کہاں کارکردگی دکھا سکنا تھی۔ یہ تو اللہ کا خاص کرم ہو گیا کہ آئی ایم ایف کا معاہدہ بحال ہو گیا اور پاکستان کسی بہت بڑے نقصان سے بچ گیا۔ اسی طرح سے موجودہ نگراں حکومت کے متعلق بھی کوئی یقین سے نہیں کہہ سکتا کہ اس حکومت نے 90 دن چلنا ہے یا پھر 180 دن۔ حتیٰ کہ حکومت میں موجود وزراء کو بھی نہیں معلوم ہوگا کہ ان کی حکومت کا دورانیہ کتنا ہے؟ جب حکومت کو خود پتہ نہ ہو کہ اس کا مستقبل کیا ہے تو ایسے میں بڑے سرمایہ دار اور بزنس مین بھلا کیسے حکومت پر اعتماد کر کے سرمایہ کاری کر سکتے ہیں؟ پاکستان کے موجودہ مسائل کا حل فوری عام انتخابات ہیں۔ آج جتنی توانائی نگراں حکومت کو لانے پر خرچ کی گئی ہے یا پھر دورانیہ بڑھانے پر خرچ کی گئی ہے۔ اگر اس توانائی کا چوتھا حصہ بھی عام انتخابات کے فوری انعقاد پر خرچ کر دیا جائے تو اسٹیبلشمنٹ اپنی من پسند منتخب حکومت لانے میں بھی کامیاب ہوجائیگی اور ملک میں پانچ سال کیلئے سیاسی استحکام بھی آجائے گا۔

لیکن اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ موجودہ حکومت معاشی استحکام لانے کی طرف ایک قدم بھی بڑھا سکتی ہے تو وہ غلط فہمی میں مبتلا ہے، موجودہ مرکزی نگراں حکومت انتہائی قابل لوگوں پر مشتمل ہے۔ انوار الحق کاکڑ کو میں ذاتی طور پر جانتا ہوں، انتہائی قابل اور شریف النفس شخصیت ہیں۔ لیکن اس وقت معاملہ قابلیت کا نہیں بلکہ لوگوں کا اعتماد بحال کرنے کا ہے اور عوام کا اعتماد منتخب حکومت ہی بحال کرسکتی ہے۔ نگراں حکومت سے ایسی توقع لگانا بھی بیوقوفی ہے۔ تادم تحریر موجودہ نگراں حکومت اور الیکشن کمیشن نے عام انتخابات کی حتمی تاریخ دینے کے حوالے سے کوئی اقدام نہیں کیا۔ جس دن عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان کردیا جائے گا، پاکستان میں اسی دن سے استحکام آنا شروع ہوجائے گا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ ایک دیانتدار اور قابل آدمی ہیں۔ میرٹ پر کام کرنے پر یقین رکھتے ہیں۔ نہ غلط کام کرتے ہیں اور نہ کسی کی غلطی برداشت کرتے ہیں۔ موجودہ حالات میں انہیں معاملات کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے عام انتخابات کے فوری انعقاد کو یقینی بنانے کے حوالے سے اقدامات کرنے چاہئیں کیونکہ اس وقت وطن عزیز کو سیاسی استحکام کی اشد ضرورت ہے۔ حتیٰ کہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر صاحب کا زراعت کے شعبے کے حوالے سے انقلابی اقدام بھی سیاسی استحکام سے جڑا ہوا ہے۔ موجودہ حالات میں یہ واحد منصوبہ ہے، جو پاکستان کی ایکسپورٹ بڑھا سکتا ہے اور یوں امپورٹ اور ایکسپورٹ بل کا خسارہ ختم ہوسکتا ہے۔ کیونکہ پاکستان میں عوام کی اکثریت زرعی شعبے سے وابستہ تھی مگر بدقسمتی سے گزشتہ دو دہائیوں کے دوران پاکستان کی زراعت مکمل تباہ ہوگئی۔ یہ قابل تعریف ہے کہ آرمی چیف نے اس شعبے کو دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے حوالے سے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے ہیں۔ تاہم ان سب منصوبوں کے ثمرات اس وقت آنا شروع ہونگے جب ملک میں سیاسی استحکام ہوگا۔ بہتر ہوگا کہ الیکشن کمیشن 16 ستمبر سے قبل عام انتخابات کی تاریخ دینے کے حوالے سے تمام ہوم ورک مکمل کرلے، وگرنہ عام انتخابات کے بروقت انعقاد کے حوالے سے شاید نامزد چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ سب سے آگے کھڑے ہوں اور اگر سپریم کورٹ کے حکم پر 15 فروری یا اسکے آس پاس کی تاریخ دی گئی تو شاید پھر انتخابات کے حوالے سے معاملات کو کنٹرول کرنا بہت مشکل ہوجائے۔

وقت کم، مقابلہ سخت

انصار عباسی

بجلی کے بلوں نے پہلے سے ہی مہنگائی کی چکی میں پسے عوام کو پریشان کر دیا ہے۔ بجلی کے بل غریب کی مہینے کی کل کمائی سے بھی زیادہ آ گئے ہیں۔ غریب کیا مڈل کلاس کے بس سے بھی اخراجات باہر ہو گئے ہیں۔ عوام سراپا احتجاج ہیں۔ ملک کے مختلف شہروں میں لوگ احتجاجاً بجلی کے بل جلا رہے ہیں اور حکومت سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ بجلی کے بلوں پر ٹیکس اور سرچارج کے نام پر اضافہ واپس لیا جائے۔ ابھی چند ایک روز میں ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں جاری کمی کی وجہ سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں مزید اضافہ ہوگا، جو عوام پر مہنگائی کا ایک اور بم گرائے گا۔ پیٹرول اور ڈیزل مہنگا ہوگا تو سب کچھ مہنگا ہو جائے گا۔ بجلی بھی مزید مہنگی ہوگی۔ ایک طرف بجلی کو مہنگا کر دیا گیا دوسری طرف اس پر ٹیکسوں اور سرچارج کی صورت میں اضافے نے غریب اور متوسط طبقے کیلئے ناممکن بنا دیا کہ وہ بجلی کے بل ادا کر سکیں۔ کسی کو بجلی کے بل ادا کرنے کیلئے ادھار لینا پڑ رہا ہے تو کوئی اپنے گھر کا سامان یا زیور بیچ کر بل ادا کر رہا ہے۔ یہ سلسلہ کب تک چلے گا۔ بجلی کی پیداوار اور تقسیم کی چوری اور حکومتی نااہلی کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کو عوام پر بوجھ ڈال کر پورا کیا جاتا ہے۔ اگر حکومت بجلی کی چوری اور نظام سے متعلق نقصانات کو کم کرنے پر توجہ دیتی تو عوام پر اتنا بوجھ نہ پڑتا۔ جو بجلی چوری کرتا ہے، جو بل ادا نہیں کرتا اور جتنا نقصان بجلی کی ترسیل کے نظام میں حکومتی نااہلی کی وجہ سے ہوتا ہے اس سب کا بوجھ عام صارف پر ڈال دیا جاتا ہے۔ اوپر سے غریب عوام کو جب یہ پتا چلتا ہے کہ حکمران اشرافیہ نہ بجلی کا بل دیتی ہے نہ اُنہیں اپنی جیب سے پیٹرول بھروانا پڑتا ہے، اُن کی تو گیس بھی فری، گاڑیاں بھی سرکاری، پیٹرول بھی سرکاری تو اس سے لوگوں کے غم و غصہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ سرکاری دفتروں میں بجلی کا بے دریغ استعمال ہوتا ہے جس کا بوجھ بھی عوام پر پڑتا ہے۔ بجلی کے محکمہ کے ملازمین کو بھی مفت بجلی دی جاتی ہے اور اس کا خرچ بھی عام صارف پر ڈالا جاتا ہے۔ لوگوں کا صبر جواب دے رہا ہے۔ اب یہ سلسلہ مزید ایسے نہیں چل سکتا کیوں کہ عوام بجلی کے بل ادا کریں گے تو باقی اخراجات کہاں سے پورے کریں گے۔ ایک سیکورٹی گارڈ جس کی تنخواہ اٹھارہ ہزار روپے ہے اُس کا بل تیس ہزار روپے آیا۔ اب وہ بچارا کیا کرے۔ ایک ماہ اگر وہ کسی نہ کسی طرح ادھار لے کر یا کسی دوسرے ذریعے سے یہ بل ادا بھی کر دے تو اگلے مہینے کیا ہوگا اور یہ ایک فرد کی کہانی نہیں بلکہ لاکھوں کروڑوں افراد کا المیہ ہے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ آنے والے دنوں میں پیٹرول مزید مہنگا ہونے سے موجودہ احتجاج میں مزید اضافہ ہوگا۔ ملک کے حالات خراب ہو سکتے ہیں۔ حکومت کو کچھ بنیادی فیصلہ کرنا پڑیں گے۔ بجلی کے شعبے کی نااہلی اور اشرافیہ کی عیاشیوں کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالا جا سکتا۔ گورننس اور معیشت کی بہتری کیلئے تمام سیاسی جماعتوں اور اسٹیک ہولڈرز کو مل بیٹھنا ہوگا۔ ایسا نہیں ہوسکتا ہے کہ معاملات ایسے ہی چلتے رہیں اور قوم آئندہ سال ہونے والے انتخابات کے بعد اقتدار میں آنے والی حکومت کا انتظار کرتی رہے۔ گورننس ٹھیک کرنے کا مطلب کھربوں کا نقصان کرنے والے اداروں کو درست کرنا ہے، عوام کے پیسے پر عیاشیاں کرنے والوں کی عیاشیاں ختم کرنا ہے جس کا فائدہ عوام کو ہوگا، غریب کو اس پیسے سے ریلیف ملے گا۔ سیاسی جماعتیں ان معاملات پر سیاست کرنے کی بجائے مل کر پاکستان کے معاشی اور انتظامی امور کی بہتری کیلئے حل تجویز کریں۔

متبادل توانائی، انرجی بحران کا حل

ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ

اکنامک سروے کے مطابق 2022ء میں پاکستان میں بجلی کی مجموعی پیداوار 41557 میگاواٹ تک پہنچ گئی تھی جبکہ 2025ء تک بجلی کی کھپت 45000 میگاواٹ اور 2030ء تک توانائی کی طلب 44 فیصد بڑھ کر 60000 میگاواٹ تک پہنچ سکتی ہے۔ پاکستان میں فرنس آئل، قدرتی اور LNG گیس پر زیادہ انحصار نے انرجی بحران پیدا کیا ہے جس سے ہماری بجلی کی اوسطاً لاگت خطے میں سب سے زیادہ ہوگئی ہے اگر ہم نئے ڈیموں سے ہائیڈرو (پانی) اور سورج، ہوا، کوئلے اور نیوکلیئر توانائی سے سستی بجلی پیدا کرتے تو ہماری بجلی پیدا کرنے کی اوسطاً لاگت قابل برداشت ہوتی۔ 1994ء میں بینظیر دور حکومت میں بجلی کی لوڈشیڈنگ پر قابو پانے اور اضافی بجلی پیدا کرنے کیلئے سرمایہ کاری پر پرکشش مراعات دینے کا فیصلہ کیا گیا اور حکومت کی انڈی پینڈنٹ پاور پالیسی کے تحت آئی پی پیز (IPPs) نے بجلی پیدا کرنے کیلئے فرنس آئل اور قدرتی گیس سے بجلی بنانے کے منصوبے شروع کئے جسکے بعد بجلی کا بحران وقتی طور پر ختم ہوگیا بلکہ آئی پی پیز سے بجلی کی پیداوار طلب سے بھی زیادہ ہوگئی لیکن حکومت کی اضافی بجلی کی پیداوار پر کپیسٹی سرچارج کی ادائیگی، عالمی مارکیٹ میں خام مال کی قیمتوں میں اضافے، ملک میں قدرتی گیس کے ذخائر میں کمی اور مہنگی LNG کی امپورٹ کے باعث آئی پی پیز سے پیدا کی جانیوالی بجلی کی قیمتیں عام صارفین اور صنعتی سیکٹر کی برداشت سے باہر ہوگئیں۔ پاکستان میں بجلی کے موجودہ نرخ 50 روپے فی یونٹ تک پہنچ گئے ہیں جس میں 20 فیصد بجلی کے فرسودہ تقسیم اور ترسیل کے نظام (T&D) کے نقصانات، بجلی کی چوری اور 10 فیصد بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی بھی شامل ہے جو صارفین سے وصول کئے جارہے ہیں۔

پاکستان 36000 سے 37000 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ موسم گرما میں بجلی کی طلب زیادہ اور موسم سرما میں کم ہوجاتی ہے۔ 2018-19ء میں ہم نے 5.14 ارب ڈالر کا فرنس آئل اور 3 ارب ڈالر کی LNG امپورٹ کی اور اس طرح ہم نے مہنگے ایندھن کی امپورٹ پر تقریباً 18 ارب ڈالر خرچ کردیئے جس کی وجہ سے ہماری امپورٹ 80 ارب ڈالر تک پہنچ گئی جبکہ ایکسپورٹ بمشکل 30 ارب ڈالر رہی اور 50 ارب ڈالر کے تجارتی خسارہ ملکی زرمبادلہ کو کم ترین سطح پر لے آیا۔ اس وقت پاکستان میں قدرتی گیس سے 3.32 فیصد، ہائیڈرو سے 7.24 فیصد، فرنس آئل سے 3.14 فیصد، کوئلے سے 8.12 فیصد، نیوکلیئر سے 8.8 فیصد، ہوا سے 8.4 فیصد، سولر سے 4.1 فیصد اور بگاس (فضلے) سے 1 فیصد بجلی پیدا کی جارہی ہے۔ فرنس آئل سے پیدا ہونے والی بجلی سب سے مہنگی 15.25 روپے فی یونٹ ہوتی ہے جبکہ ہائیڈرو سے پیدا ہونے والی بجلی سب سے سستی 4 روپے فی یونٹ، کوئلے سے 34.6 روپے، LNG اور قدرتی گیس سے 58.7 روپے فی یونٹ پڑتی ہے جبکہ حکومت گوادر میں ایران سے 9 روپے فی یونٹ بجلی خرید رہی ہے۔ خوش قسمتی سے پاکستان میں ہوا، سورج اور پانی سے بجلی پیدا کرنے کے ذرائع مفت دستیاب ہیں۔ بجلی کی قیمتوں میں کمی لانے اور متبادل ذرائع سے بجلی پیدا کرنے کیلئے 2003ء میں آلٹرنیٹو انرجی ڈویلپمنٹ بورڈ (AEDB) بنایا گیا تھا جس کا مقصد نیوکلیئر، شمسی، ہوا اور بائیو ڈیزل سے توانائی کے حصول کو ممکن بنانا تھا۔ حکومت کی نئی پالیسی کے مطابق مستقبل میں 55 سے 60 فیصد بجلی پانی اور کوئلے سے جبکہ 7 سے 10 فیصد بجلی ہوا، سورج اور دیگر متبادل ذرائع سے پیدا کی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو دنیا کے تیسرے بڑے 185 ارب ٹن کوئلے کے ذخائر عطا کئے ہیں۔ چین اس وقت کوئلے سے اپنی 75 فیصد اور بھارت 54 فیصد بجلی پیدا کررہا ہے جبکہ پولینڈ، جرمنی اور جنوبی افریقہ میں کوئلے سے 70 سے 80 فیصد بجلی پیدا کی جاتی ہے لیکن پاکستان میں کوئلے سے صرف 8.12 فیصد بجلی پیدا کی جارہی ہے۔ اسی طرح اللہ نے ہمیں پورے سال سورج کی روشنی سے نوازا ہے۔

احساس برتری ذہنی بیماری!

مہمان کالم



تحریر ہارون قریشی

احساس برتری اور احساس کمتری انسان کے ساتھ چلنے والی دو ذہنی کیفیات ہیں جو کبھی کبھی انسان کو نقصان اور فائدہ بھی پہنچاتی ہیں۔ غرور، تکبر، انانیت، خودستائی ایک ایسی بیماری ہے جو کسی شخص کے دل و دماغ کو دنیا سے ہر معاملے پر احساس برتری میں مبتلا کرتی رہتی ہے۔ عرف عام میں اپنے آپ کو دوسروں سے کم سمجھنا یا خود کو حقیر سمجھنے کو نفسیات کی اصطلاح میں احساس کمتری کہا جاتا ہے۔ ہمارے پیارے آخری نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اللہ تعالیٰ نے پہلا پیغام "اقرا" دیا جس کا مطلب ہے پڑھو، انسان کا پڑھنے سے سیکھنے کا عمل شروع ہوتا ہے۔ مہذب معاشروں میں جب لوگ ایک دوسرے کو کسی بات پر قائل کرتے ہیں تو ان کی کوشش ہوتی ہے کہ مدلل نقطہ نظر پیش کریں تاکہ اس عمل سے معاملات سلجھ جائیں اور دونوں فریقین ایک دوسرے کے دلائل سننے کے بعد کسی حتمی نتیجے پر پہنچ جائیں۔ اسی عمل سے معاشرے صحیح سمت پر پروان چڑھتے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں لوگوں کی بات چیت کی ابتدا ہمیشہ ایک ہی فقرے سے ہوتی ہے "ارے جناب آپ کو کیا پتہ" اس فقرے نے لوگوں کی دوستیاں بلکہ گہری رشتے داریاں بھی ختم کر دی ہیں۔ فی الحال ابھی تک اس کا متبادل فقرہ نہیں ملا جس سے بات چیت کا اغاز کیا جائے۔ بچے کی پہلی درسگاہ ماں کی گود ہوتی ہے۔ نپولین کا مشہور زمانہ واقعہ سب کو یاد ہوگا جب وہ بچپن میں چھت پر چڑھ گیا اور ماں سے کہنے لگا میں چھلانگ لگانے لگا ہوں۔ ماں نے فوری طور پر سوچا کہ اگر میں اسے چھلانگ لگانے کا کہتی ہوں تو شاید یہ زخمی نہ ہو جائے۔ اس کے دماغ نے بروقت کام کیا اور اندر سے گدا لے آئی اور بولی بیٹا کود جاو۔ ماں کی تھوڑی سی حاضر دماغی نے نپولین کو دنیا کا عظیم جرنیل بنا دیا اور اس کا مشہور زمانہ قول تم "مجھے اچھی مائیں دو میں آپ کو بہترین قوم دوں گا" دنیا میں کیمپوٹرز کے آنے کے بعد دنیاوی تعلیم کا معیار بہتر سے بہتر ہوتا جا رہا ہے۔ مگر جو تربیت ماں کی درسگاہ ہوا کرتی تھی ہم اس سے کوسوں دور جا چکے ہیں※ میڈیا کی ترقی نے زیادہ تر ماؤں کو اتنا مصروف کر دیا ہے کہ ان کے پاس بچوں کی پرورش لئے وقت نہیں ہے اور ننھے فرشتوں کو موبائل اور ٹیبلٹ کا ایسا عادی بنا دیا گیا ہے کہ ان کے بغیر وہ دودھ بھی نہیں پیتے۔ کافی عرصہ سے تمام معاشرے میں یہ فقرہ ہر زبان پے عام ہے کہ میرے ایک سالہ بچے کو ٹیکنالوجی کی سمجھ ہے اور مجھے اس عمر میں موبائل کے استعمال کی سمجھ نہیں ہے۔ یقین مانیے اس عام سے فقرے نے ہماری زندگیوں کو بدل کے رکھ دیا ہے۔ اب ہم دن بدن تنزلی کی طرف جا رہے ہیں۔ اس کا اثر اب ہماری سوسائٹی پر صاف صاف نظر آرہا ہے۔ یہ صورتحال ہمارے میڈیا میں صاف نظر آرہی ہے۔ کوئی بھی ٹاک شو دیکھیں چاہے سیاسی ہو یا غیر سیاسی، اینکر ہو یا مہمان، کوئی کسی کی بات سننے کو تیار نہیں ہوتا اور زیادہ تر پروگرام بغیر نتیجے کے ختم ہوتے ہیں کیونکہ کوئی کسی کی دلیل ماننے کو تیار نہیں اور ہر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ اسے سب سے زیادہ علم ہے۔ جان بوجھ کر پروگراموں کا فارمیٹ منفی انداز سے پیش کیا جاتا ہے تاکہ معاشرے میں اختلافات زیادہ ہوں۔ من حیث القوم ہمیں بہت بڑی غلط فہمی ہے کہ ہم ہر موضوع پر بات بھی کر سکتے ہیں چاہے ہم اس کے بارے جانتے بھی نہ ہوں بلکہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم عقل کل ہیں۔ ایک اور سنجیدہ مسئلہ بھی ہے ہمیں جس موضوع پر علم نہیں ہوتا ہم اس پر زیادہ زور سے بات کرتے ہیں اور دوسرے کو یہ باور کراتے کہ ہم نے اس موضوع پر پی ایچ ڈی کر رکھی ہے، اس کا مقصد دوسرے کو نیچا دکھا کر دلی سکون حاصل کرنا۔ وہ لوگ اس بات سے بخوبی واقف ہوتے ہیں کہ وہ غلطی پر ہیں مگر اس کے باوجود اپنی ضد پر انہیں ذہنی سکون ملتا ہے۔ اور وہ نفسیاتی اعتبار سے بیمار یا احساس برتری کی ذہنی بیماری کا شکار ہوتے ہیں اس بیماری کا علم اور ادب سے کوئی تعلق نہیں ہوتا بس اس کا شکار دوسروں کو زیر کرنے کے بعد خوشی محسوس کرتے ہیں۔ احساس برتری ایک اندازے کے مطابق ہمارے معاشرے میں ایک گھمبیر بیماری دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ اگر اس کا سدباب نہ کیا گیا تو آنے والے دنوں میں یہ مرض لاعلاج ہو جائے گا۔ اس مرض سے بچنے کے لئے سب سے پہلے ماؤں کو یہ جان لینے کی سخت ضرورت ہے کہ سب سے پہلے بچوں کو یہ تربیت دیں کہ وہ دوسرے بات سننے کی عادت ڈالیں۔ جب تک آپ کسی کی بات غور سے نہیں سنیں گے آپ اس کا مناسب جواب نہیں دے سکیں سکتے۔ ایک بڑا المیہ ہمارا تعلیمی نظام ہے جواب رٹہ سسٹم میں تبدیل ہو گیا ہے.

پہلے استاد بچوں کو جو پڑھاتے تھے وہ انکے ذہنوں میں نقش کر جاتا اور طلبہ کو مکمل سمجھ آجاتی تھی کہ استاد کیا پڑھا رہا ہے کیونکہ وہ غور سے سنتے اور استاد بھی نصاب کے مضمون کے علاوہ تیاری سے کلاس میں آتے تھے اور ہر طرح کے جواب دینے کیلئے تیار رہتے۔ نہ تو اس وقت سوشل میڈیا تھا اور نہ ہی کوئی ایسی سہولیات میسر تھیں۔ کیونکہ انکے پاس علم کا وہ خزانہ تھا جو انہوں نے اپنے اساتذہ سے سیکھا تھا۔ آج آپ جتنی تیزی سے گوگل سے جو بھی سیکھتے ہیں وہ اتنی تیزی سے بھول جاتے ہیں۔ ان سب کے علاوہ معاشرہ عدم برداشت کا شکار ہوگیا ہے جس کا اثر ہر جگہ نظر آرہا ہے۔ اگر اس کا تدارک نہ کیا گیا تو انکے نتائج ہماری آنے والی نسلیں بھگتیں گیں۔ ہمارے عزیز دوست کی بیٹی احساس برتری کی بیماری کی بھینٹ چڑھ گئی۔ اس کے گھر والے اور دوست یہ احساس دلاتے رہے کہ تم سپیشل بچی ہو۔ وہ ہائی سکول سے یونیورسٹی میں ٹاپ رہی۔ وہ احساس برتری کی ایسی شکار ہوئی کہ اپنے مذہب سے بھی دور ہوگئی بلکہ غیر مذہب میں والدین اور سوسائٹی کے خلاف شادی کر لی اور اپنی زندگی کو برباد کر دیا۔ میرا نقطہ نظر بالکل سیدھا ہے اگر بچپن سے ہی اسے بتایا جاتا کہ تم دوسرے بچوں کی طرح ہو ہاں پڑھائی میں دوسرے بچوں سے بہتر مگر اس کے ننھے سے ذہن میں یہ بات بٹھا دی کہ تم سب منفرد اور دوسرے بچوں سے ہر میدان میں بہت آگے ہو۔ ہمیں اس سے سبق ملتا ہے بچپن سے احساس برتری اور احساس کمتری کے فوائد اور نقصانات بتا دینے چاہئیے تاکہ ہماری آنے والی نسلیں اس بیماری سے محفوظ رہ سکیں۔۔ ہمارے پیارے آخری نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس ایک صحابی آیا اور کہنے لگے کہ میرا بیٹا گڑ بہت کھاتا ہے اسے منع فرمائیں۔ آپؐ نے فرمایا کل آنا۔ دوسرے دن وہ شخص دوبارہ آیا تو آپؐ نے بچے سے کہا کہ گڑ مت کھایا کرو۔ وہ صحابی حیران ہوا اور کہنے لگا یہ بات تو آپ کل بھی کہہ سکتے تھے۔ آپؐ نے فرمایا کہ کل میں نے خود گڑ کھایا ہوا تھا۔ اس سے یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں وہ بات نہیں کرنی چاہیے جس پر ہم خود عمل نہ کرتے ہوں۔ اگر ہم ان سنہری اصولوں پر عمل کریں تو معاشرے میں رواداری اور ایک دوسرے کو افہام و تفہیم سے بات کو سننے اور سمجھنے سے آپسی معاملات میں بہتری آئے گی۔ شاید آنے والے وقت میں ہمارے معاشرے کا نام دنیا کی مہذب قوموں کی فہرست میں آجائے گا

دھوکہ بازوں سے ہوشیار

حامد میر

کیا آپ جانتے ہیں کہ بجلی کے بلوں میں عائد کئے گئے غیر منصفانہ ٹیکس اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ آئین پاکستان کی دفعہ 3 اور 25 کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے؟ کیا آپ جانتے ہیں کہ پرائیویٹ اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں وصول کی جانے والی بھاری بھرکم فیسیں آئین پاکستان کی دفعہ 25اے اور 37 کی خلاف ورزی ہیں؟ بہت کم پاکستانیوں کو یہ علم ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کا موجودہ آئین اپنے شہریوں کو بہت سے ایسے حقوق دیتا ہے جو ناروے، سویڈن اور ڈنمارک جیسی جمہوریتوں میں تو ہیں لیکن امریکا اور برطانیہ جیسی سرمایہ دارانہ جمہوریتوں میں نہیں ہیں۔ آئین کی دفعہ 3 میں کہا گیا ہے کہ ریاست استحصال کی تمام اقسام کا خاتمہ کرے گی اور ہر کسی کو اس کی محنت کے مطابق معاوضہ دیا جائے گا۔ دفعہ 25 کے مطابق تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہیں اور قانونی تحفظ کے مساوی حق دار ہیں۔ دفعہ 25 میں نا صرف جنسی امتیاز سے انکار کیا گیا بلکہ عورتوں اور بچوں کے حقوق کا تحفظ کیا گیا۔ 25اے کے مطابق ریاست کا فرض ہے کہ پانچ سال سے سولہ سال کی عمر کے ہر بچے کیلئے مفت تعلیم کا بندوبست کرے۔ دفعہ 37 کے مطابق ریاست نے پسماندہ طبقات کے تعلیمی اور معاشی حقوق کا تحفظ کرنا ہے اور کم سے کم وقت میں مفت سکینڈری تعلیم سب کو دلوانی ہے۔ اسی دفعہ میں یہ بھی قرار دیا گیا کہ ہر کسی کیلئے میرٹ پر اعلیٰ تعلیم کا حصول ممکن بنایا جائے گا اور سستا و فوری انصاف بھی مہیا کیا جائے گا۔ 14 اگست 1973ء کو یہ آئین نافذ ہوا۔ 2023ء میں اس آئین کے نفاذ کے پچاس سال پورے ہو گئے لیکن اس آئین میں پاکستانی شہریوں کو جو حقوق دیئے گئے وہ کدھر گئے؟ سب جانتے ہیں کہ پچاس سال میں سے طویل عرصہ تک فوجی ڈکٹیٹروں نے اس آئین کو معطل رکھا اور جب آئین بحال ہوا تو اقتدار کے بھوکے سیاستدان اس پر عمل کرنے کی بجائے آپس میں ایک دوسرے کو بھنبھوڑتے رہے۔ عدلیہ نے اس آئین کی پاسداری کرنا تھی لیکن اعلیٰ عدالتوں کے ججوں کی بڑی اکثریت فوجی ڈکٹیٹروں کی چمچہ گیری کرتی رہی اور مارشل لاؤں کو تحفظ دیتی رہی۔ 1973ء کے آئین کی خلاف ورزی میں اعلیٰ عدالتوں کے جج صاحبان کسی سے پیچھے نہیں رہے۔ یہ جج صاحبان، اعلیٰ فوجی افسران اور اعلیٰ سرکاری افسران جو مراعات حاصل کرتے ہیں وہ آئین کی دفعہ 25 کے خلاف ہیں۔ ان سب کو ملنے والی مراعات کا بوجھ بجلی اور گیس کے بلوں کے ذریعہ عام لوگوں پر ڈالا جاتا ہے۔ پاکستان کا طبقاتی نظام تعلیم آئین کی دفعہ 3 کے خلاف ہے۔ مہنگے انگریزی میڈیم اسکولوں میں عام پاکستانیوں کے بچے نہیں پڑھ سکتے۔ یہ اسکول جس اشرافیہ کو جنم دیتے ہیں وہ اشرافیہ ان عوام پر حکومت کرتی ہے جو سستے اردو میڈیم اسکولوں یا دینی مدارس میں پڑھتے ہیں۔ کوئی حکومت اس طبقاتی نظام تعلیم کو ختم نہیں کرتی کیونکہ انگریزی میڈیم اسکول اور پرائیویٹ یونیورسٹیاں ایک کاروبار بن چکے ہیں اور اس کاروبار سے وابستہ افراد پالیسی ساز اداروں میں بہت اثر و رسوخ رکھتے ہیں۔ یہ سب مفاداتی گروہ معاشی اصلاحات کے نام پر ایسی پالیسی بناتے ہیں جس کا مقصد صرف اور صرف امیر طبقے کو ملنے والی مراعات کا تحفظ ہوتا ہے۔ آئین پاکستان میں ایسے بہت سے حقوق موجود ہیں جو شہریوں کو مل جائیں تو ریاست مضبوط اور کچھ گروہ کمزور ہو جائیں گے لہٰذا آئین پر عملدرآمد نہیں ہوتا۔ مثلاً دفعہ 10 کے مطابق اگر کسی شہری کو گرفتار کیا جائے گا تو 24 گھنٹے کے اندر اندر اسے کسی عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ اگر دفعہ 10 پر عملدرآمد ہونے لگے تو پھر ریاستی اداروں کو اپنے شہریوں کو اٹھا کر لاپتہ کرنے میں مشکل پیش آئے گی اس لئے دفعہ 10 پاکستان میں غیر موثر ہے۔ دفعہ 38 کے مطابق ریاست اپنے شہریوں کو خوراک، کپڑا، گھر، تعلیم اور طبی سہولیات فراہم کرے گی

کل کے لیڈروں کے خوابوں کی پرورش



تلاشِ حق

Sufyanlover555@gmail.com

سفیان حبیب

لڈن (محمد وسیم صائم سے)

عنوان: "کل کے لیڈروں کے خوابوں کی پرورش" بچوں کی دنیا میں خواب بے شمار ہوتے ہیں۔ ہر روز، وہ دور دراز زمینوں کا سفر شروع کرتے ہیں، برہمانڈ کو دریافت کرتے ہیں، اور ہیرو بننے کا خواب دیکھتے ہیں۔ یہ خواب محض تصورات نہیں ہیں۔ وہ مستقبل کے بیج ہیں. بچے اکثر خلاباز بننے، ستاروں کے درمیان بلند ہونے، یا ڈاکٹروں، بیماروں کو شفا دینے کے خواب دیکھتے ہیں۔ کچھ اپنے آپ کو فنکار کے طور پر تصور کرتے ہیں، متحرک دنیاؤں کی پینٹنگ کرتے ہیں، جب کہ دوسرے ماحولیات کے ماہر کے طور پر ہمارے سیارے کی حفاظت کا خواب دیکھتے ہیں۔ یہ خواب سنکی لگتے ہیں، لیکن ان میں بے پناہ طاقت ہوتی ہے۔ ان خوابوں کی پرورش بہت ضروری ہے۔ والدین، اساتذہ اور سرپرستوں کے طور پر یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم خواہشات کے ان بیجوں کو پانی دیں۔ ایسا کرنے سے، ہم کل کے لیڈروں کو پروان چڑھاتے ہیں، ان میں عزم، ہمدردی اور استقامت کی اقدار کو ابھارتے ہیں۔ ہر بچے کا خواب جدت اور ترقی کا ممکنہ ذریعہ ہے۔ نوجوان خواب دیکھنے والے جو خلا کی تلاش کا خواب دیکھتے ہیں شاید ایک دن زمین کی توانائی کے مسائل کا حل تلاش کریں۔ خواہشمند ڈاکٹر بے شمار جانوں کو بچاتے ہوئے زمینی علاج تیار کر سکتے ہیں۔ فنکار اپنی تخلیقی صلاحیتوں سے دوسروں کو متاثر کر سکتے ہیں، اور ماہرین ماحولیات ایک پائیدار مستقبل کی طرف رہنمائی کر سکتے ہیں۔ بچوں کو خواب دیکھنے کی ترغیب دینا صرف ہوا میں قلعے بنانے کے بارے میں نہیں ہے۔ یہ ان کے تجسس اور لچک کو پروان چڑھانے کے بارے میں ہے، انہیں یہ سکھانا ہے کہ محنت اور لگن کے ساتھ، خواب سچ ہو سکتے ہیں۔ بالغ ہونے کے ناطے، یہ ہمارا اعزاز ہے کہ ہم انہیں مدد، وسائل اور رہنمائی فراہم کریں جس کی انہیں ان خوابوں کا تعاقب کرنے کی ضرورت ہے۔ تو آیئے اپنے بچوں کے وشد تخیلات کا جشن منائیں۔ آیئے ان کے خوابوں کو ایک روشن مستقبل کی طرف قدم رکھنے والے پتھر کے طور پر گلے لگائیں۔ ایک ساتھ مل کر، ہم ان خوابوں کو حقیقت میں بدلنے میں ان کی مدد کر سکتے ہیں، ایک ایسی دنیا تخلیق کر سکتے ہیں جہاں ان کی خواہشات ہم سب کے لیے ایک بہتر کل کو تشکیل دیں۔

بقیہ 1

نے کہا کہ عام انتخابات کا شیڈول جاری ہوتے ہی میاں نواز شریف پاکستان میں آکر پارٹی اور انتخابی مہم کی قیادت کریں گے۔ پی ٹی آئی کی اپنے کردار کے بعد اب کوئی سیاسی حیثیت نہیں رہی مسلم لیگ ن پنجاب سے بڑی لیڈ کے ساتھ کامیاب اور میاں نواز شریف وزیراعظم منتخب ہوں گے۔

بقیہ 2

گئے۔ منی ایچر، پینٹر استاد بشیر احمد صحت کی خرابی کا شکار ہیں۔ جمال شاہ نے ان کی بھی عیادت کی اور جلد صحتیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ جمال شاہ نے استاد بشیر احمد کو روایتی انداز سے ہٹ کر کام کر کے دنیا بھر میں پہچان بنانے اور عمدہ کام کی تعریف کی۔

بقیہ 3

چکی مگر اس عمل میں کافی دیر لگ سکتی ہے۔ وقوعہ کے دو ہفتوں بعد بھی کئی متاثرین بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ استدعا کی کہ مسیحی برادری کے تحفظ کے لیے تمام شریک ملزمان کو گرفتار کیا جائے، فوٹیج میں نظر آنے والے ملزمان کو دھمکیاں دینے سے روکنے کے لئے قانون کے مطابق کارروائی کرنے کے ساتھ مسیحی برادری کے متاثرین کی نارمل زندگی میں بحالی کے لیے فوری انتظامی اور مالی معاونت کی جائے۔

بقیہ 4

مطابق اے ایل ایم کی سیٹ پر ڈیرہ غازی خان میں بھرتی ہونے والا خالد سہو اپنے والد (جو اس وقت سی او کا ڈرائیور تھا) کی سفارش پر اپنا سٹیٹس تبدیل کروا کر بل ڈسٹری بیوٹر بن گیا، سات سال بل ڈسٹیبیوٹ کر کے افسروں کی آشیر باد حاصل کرتے ہوئے میٹر ریڈر بن گیا، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس نے اپنے افسران بالا سے رشوت کی بھر مار کر کے اثر و رسوخ بڑھا لیے، اور بیس سال سے ایک ہی سب ڈویژن میں تعینات ہے جبکہ واپڈا رولز کے مطابق کوئی بھی میٹر ریڈر دو سال سے زائد وقت ایک سب ڈویژن میں نہیں گزار سکتا، میٹر ریڈر خالد سہو نے اس بہتی گنگا میں مزید ہاتھ دھونے کیلیے اثر و رسوخ اور لکشمی کا استعمال کرتے ہوئے ایم ایس ٹو کی پرموشن کیلئے اپنا نام سینارٹی لسٹ میں شامل کروانے میں کامیاب ہو گیا، جبکہ پرموشن کے اصل حق داروں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے والے خالد سہو اور پروموٹ کرنے والے افسران کے یہ بات اچھی طرح علم میں ہے کہ اے ایل ایم، ایم ایس ٹو کی پرموشن کیلئے اہل ہی نہیں ہوتا، ذرائع کے مطابق سینارٹی لسٹ میں بے ضابطگیاں سامنے آنے پر پرموشن کے حامل ملازمین میں بڑی بے چینی پائی جا رہی ہے، جبکہ پبلک میں یہ خبر وائرل ہونے پر عام شہریوں نے بھی سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شدید الفاظ میں نقطہ چینی کی ہے، اور ایس ای واپڈا سے مطالبہ کیا ہے کہ ان بے ضابطگیوں کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اصل حق داروں کو پرموشن دی جائے، تاکہ کسی بھی ملازم کی جائز حق تلفی نہ ہو، جبکہ دوسری جانب لاکھوں کی بجلی چوری کرنے والے میٹرز کے اکاؤنٹ نمبر جس میں خالد سہو مبینہ طور پر ملوث ہے آئندہ شمارے میں جلد شائع ہونگے مزید برآں موقف لینے کیلئے کال کی تو رابطہ نہ ہو

بقیہ 5

بڑھتی مہنگائی کے پیش نظر کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق بیان حلفی، معاہدوں، طلاق، پاور آف اٹارنی، کرایہ داری سمیت دیگر کیلئے اسٹامپ پر ڈیوٹی بڑھ گئی ہے۔ بیان حلفی کا ریٹ 100 روپے سے بڑھا کر 300 روپے کر دیا گیا، غیر منقولہ جائیداد کی فروخت کے لئے اسٹامپ ڈیوٹی 1200 سے بڑھا کر 3 ہزار روپے، پانچ لاکھ تک کے معاہدے کی اسٹامپ ڈیوٹی 1200 سے 3 ہزار ہوگئی، طلاق کے لئے اسٹامپ فیس 100 روپے سے دس گنا بڑھا کر ایک ہزار روپے کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق اسٹامپ ڈیوٹی کی مد میں سالانہ 4 ارب 21 کروڑ روپے عوام کی جیبوں سے مزید نکلوائے جائیں گے۔

بقیہ 6

کے تین کریس اپنے قبضہ میں لیکر 35 تیتر برآمد کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی جبکہ سرگودھا ریجن ہی میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف لیہ و بھکر وسیم حیدر نے مختلف چھاپوں میں ناجائز قبضہ تیتر کی پاداش میں چھ چالان کر کے ان سے نو تیتر برآمد کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی ہے اسیطرح کی ایک دیگر کارروائی میں ڈپٹی ڈائریکٹر وائلڈ لائف گوجرانوالہ ریجن عاصم بشیر چیمہ کی سربراہی میں وائلڈ لائف انسپکٹر محمد عمیر نے گھریلو چڑیا کا شکار اور کاروبار کرنے والے تین افراد کو گرفتار کر کے عدالت کے روبرو پیش کیا عدالت نے ملزمان کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ کر کے پرندے احاطہ عدالت میں آزاد کروا دیئے۔

بقیہ 7

سینکڑوں لیٹر دیسی زہریلی شراب برآمد کر لی گئی۔ ان خیالات کا اظہار ڈی ایس پی پتوکی عرفان اکبر بٹ نے اپنے آفس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 41 کلو سے زائد چرس اور 10 کلوافیون اور 795 لٹر شراب برآمد کی گئی ہے گرفتار تمام ملزمان سرکل پتوکی کے علاقوں پھولنگر۔ سرائے مغل۔ حبیب اباد۔ پتوکی اور گردونواح میں منشیات فروشی کا دھندہ کر رہے تھے۔ ڈی ایس پی پتوکی عرفان اکبر بٹ نے بتایا کہ گرفتار ہونے والے ملزمان کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت الگ الگ مقدمات درج کر کے انھیں ڈسٹرکٹ جیل بھجوا دیا گیا ہے انھوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ منشیات فروشوں کے خلاف مہم جاری رہے گی۔

بقیہ 8

پروفیسر میاں عبدالرشید، پروفیسر اکبر چوہدری، ڈاکٹر رضوان چٹھہ، میجر ریٹائرڈ اسرار، ڈاکٹر عمیر، ڈاکٹر زاہد بشیر، ڈاکٹر عبد القدیر و دیگر شامل تھے۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم اور وفد کے درمیان صحت کے شعبہ میں مزید بہتری کیلئے تبادلہ خیال کیا گیا۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ پاکستان اگلے بیس سال بعد آبادی کے اعتبار سے دنیا کا تیسرا بڑا ملک ہوگا۔ ہمیں عوام کو اسی تناسب سے صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا ہوں گی۔

بقیہ 9

فوڈ ہینڈلرز کی مفت ٹریننگ اور میڈیکل سکریننگ، فوڈ لیبارٹری میں بہتری کا لائحہ عمل تیار کر لیا۔ ڈاکٹر پلیتھا جی مہیپلا کی سربراہی میں عالمی ادارہ صحت کے وفد نے فوڈ اتھارٹی کا دورہ کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجہ جہانگیر انور اور پنجاب فوڈ اتھارٹی ٹیم سے ملاقات۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے ڈاکٹر پلیتھا کو پنجاب فوڈ اتھارٹی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے بتایا کہ صوبہ بھر میں خوراک سے پھیلنے والی بیماریوں کو ٹیسٹ کرنے کا نیا اور سستا نظام بنایا جائے گا۔

بقیہ 10

انہوں نے کہا کہ اداروں پر حملہ آوری قابل مذمت رویہ ہے، اسلام آباد چیف جسٹس کیخلاف مہم توہین عدالت کے زمرے میں آتا ہے۔ نیر بخاری نے کہا کہ صدر نے انتخابات کی تاریخ کا اعلان کیا تو ہم آئین کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات میں تاخیر سے اگر کوئی فائدہ حاصل کرنے کا سوچ رہا ہے تو اسکو کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت مہنگائی کی صورتحال کے بعد لوگ بے چین اور مایوس ہیں، سیاسی جماعتوں کا کام عوام کو ریلیف دینا ہوتا ہے۔

بقیہ 11

گئی، چیف جسٹس نے کہا کہ میں اس میں آرڈر کر دیتا ہوں۔

بقیہ 12

کیس، بجلی کی سہولت فوری واپس لی جائے اور خصوصی طور پر حالیہ پیٹرول، ادویات اور بجلی بلوں میں کیا گیا اضافہ فوری واپس لیا جائے۔

بقیہ 13

کے لئے ماں کا دودھ) محکمہ صحت نے شروع کر دیا جو 2 ستمبر تک جاری رہے گا۔ اس ہفتہ گلوبل بریسٹ فیڈنگ میں بچے کے لئے ماں کے دودھ کی اہمیت اور افادیت سے آگاہی پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں جن میں لوگوں کو ماں کے دودھ کی اہمیت کو اجاگر اور مصنوعی دودھ یعنی ڈبے والے دودھ کے نقصانات کے بارے میں آگاہی دی جا رہی ہے اس موقع پر مقررین کا کہنا تھا کہ ماں کا دودھ ہی ایک مکمل غذا اور بچے کے لئے شفاء ہے۔

بقیہ 14

مشترکہ مفادات کونسل کے فیصلے کو کالعدم قرار دیا جائے، مشترکہ مفادات کونسل کے فیصلے کے بعد جاری کردہ نوٹیفکیشن بھی کالعدم قرار دیا جائے۔

بقیہ 15

عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی جائے۔ عامر میر نے کہا کہ کوئی بھی تھیٹر سکرپٹ کی سکروٹنی، فل ڈریس ریہرسل اور این او سی کے بغیر ڈرامہ نہیں دکھا سکے گا، پنجاب آرٹس کونسل کی ٹیمیں صوبے بھر میں ڈراموں کی روزانہ مانیٹرنگ کر رہی ہیں، جہاں بھی شکایت موصول ہوئی وہاں سخت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 16

شٹر ڈاؤن ہڑتال کر کے احتجاج ریکارڈ کرایا۔ صوبائی دارالحکومت لاہور کے مختلف علاقوں میں بجلی کے بلوں میں ظالمانہ ٹیکسز کے خلاف چوتھے روز بھی احتجاجی مظاہرے کئے گئے، مانگا منڈی میں شہریوں نے بجلی بلوں میں اضافے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا اور بلوں میں اضافہ واپس لینے کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین نے کہا کہ بجلی کے بل بھریں یا بچوں کا پیٹ پالیں، بلوں میں ہوشربا اضافہ اور ظالمانہ ٹیکسز واپس نہ لئے گئے تو واپڈا آفس کے اندر دھرنا دیں گے۔

بقیہ 17

سینکڑوں لیٹر دیسی زہریلی شراب برآمد کر لی گئی۔ ان خیالات کا اظہار ڈی ایس پی پتوکی عرفان اکبر بٹ نے اپنے آفس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 41 کلو سے زائد چرس اور 10 کلوافیون اور 795 لٹر شراب برآمد کی گئی ہے

بقیہ 18

پاس کل کوئی قانونی جواز تھا نہ آج ہے، توشہ خانہ کیس میں بدترین ٹرائل کے نتیجے میں سامنے آنے والے سیاہ عدالتی فیصلے میں پوشیدہ انتقام اور نقائص پوری طرح آشکار ہو چکے ہیں۔ تحریک انصاف کی جانب سے کور کمیٹی کے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے معاملے کو التواء کا شکار کر کے بدترین حالات میں قید چیئرمین تحریک انصاف کو مجرمانہ انتقام کا نشانہ بنانے کی کوششیں بھی قوم پر عیاں ہیں

بقیہ 19

فوڈ ہینڈلرز کی مفت ٹریننگ اور میڈیکل سکریننگ، فوڈ لیبارٹری میں بہتری کا لائحہ عمل تیار کر لیا۔ ڈاکٹر پلیتھا جی مہیپلا کی سربراہی میں عالمی ادارہ صحت کے وفد نے فوڈ اتھارٹی کا دورہ کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجہ جہانگیر انور اور پنجاب فوڈ اتھارٹی ٹیم سے ملاقات۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے ڈاکٹر پلیتھا کو پنجاب فوڈ اتھارٹی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے بتایا کہ صوبہ بھر میں خوراک سے پھیلنے والی بیماریوں کو ٹیسٹ کرنے کا نیا اور سستا نظام بنایا جائے گا۔

بقیہ 20

ہوئے۔ نگراں وزیر اعظم کو اجلاس میں جولائی کے بجلی کے بلوں میں اضافے پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ واضح رہے کہ نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی زیر صدارت بجلی کے بلوں میں اضافے پر ہنگامی اجلاس کا پہلا دور گزشتہ روز ہوا تھا۔

بقیہ 21

لڑانے کی کوشش کی جائے گی۔ یقین دلاتے ہیں کہ اب ایسے واقعات نہیں ہوں گے، جڑانوالہ واقعہ میں ذاتی رنجش کو بھی استعمال کیا گیا۔ علمائے کرام اور سول سوسائٹی نے بہترین انداز میں اپنا کردار ادا کیا۔ عثمان انور کا کہنا تھا کہ سانحہ جڑانوالہ میں جے آئی ٹی بنائی گئی، 300 لوگوں سے تفتیش اور 180 افراد کو گرفتار کیا گیا۔

بقیہ 22

کرنے کی استدعا کی۔ پراسیکیوٹر نے کہا کہ ابھی تک یو ایس بی کی رپورٹ نہیں آئی اور تقریب کی فورنزک بھی کروانی ہے، فریقین کے دلائل مکمل ہونے پر عدالت نے تیس تیس ہزار روپے مالیتی مچلکوں کے عوض ایمان مزاری اور علی وزیر کی درخواست ضمانت بعداز گرفتاری منظور کرنے کا حکم سنا دیا۔ دونوں کے خلاف تھانہ ترنول میں دہشتگردی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 23

دستیاب ہے،، اوپن مارکیٹ میں آٹے کا 20 کلو تھیلا 2817 روپے میں فروخت کیا جانے لگا۔ مہنگائی کے طوفان نے یوٹیلیٹی اسٹورز کو بھی گھیرے میں لے لیا، اسٹورز پر اشیاء اوپن مارکیٹ سے مہنگی فروخت ہونے لگیں۔ دستاویز کے مطابق آٹا، دال چنا، دال مسور مہنگے داموں فروخت ہو رہی ہیں، یوٹیلیٹی سٹورز پر آٹا 2840 روپے میں 20 کلو کا تھیلا فروخت کیا جانے لگا جبکہ اوپن مارکیٹ میں آٹے کا 20 کلو تھیلا 2817 روپے میں دستیاب ہے، اسی طرح دال مسور اوپن مارکیٹ میں 292 روپے 83 پیسے میں جبکہ دال مسور یوٹیلیٹی سٹورز پر 305 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے، دال چنا اوپن مارکیٹ میں 242 روپے 28 پیسے اور یوٹیلیٹی سٹورز پر دال چنا 275 روپے میں فروخت ہو رہی ہے۔

بقیہ 24

سرکاری اداروں میں جہاں صبح سے شام تک اے سی چلتے ہیں انہیں اتارا جائے صرف وزیراعظم ہاؤس کے اے سی بند کرنے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بجلی بلوں، جان بچانے والی ادویات اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ فوری واپس لیا جائے اور عوام کو ہر ممکن ریلیف دیا جائے۔

بقیہ 25

آپریٹر گوادر فری زون کمپنی زون کے داخلی مقام سے زون کے اندر زیر تعمیر فیکٹریوں تک پانی کی فراہمی کی پائپ لائن نیٹ ورک کی توسیع کی ذمہ دار ہوگی۔ گوادر پرو کے مطابق پانی کی فراہمی کے منصوبے کے علاوہ جی پی اے نے گہرے سمندر کے پورٹ گرڈ اسٹیشن سے نارتھ فری زون تک بجلی کی فراہمی کے لیے بھی فنڈ مختص کیے ہیں۔

بقیہ 26

جو ہدف ہے وہ تو حاصل کرنا ہوگا۔ سوال یہ ہے کہ سیلز ٹیکس اگر بل سے ختم کر دیں تو کہاں سے جمع کریں انہوں نے کہا کہ اگر پراپرٹی، زرعی آمدن، سروسز سیکٹر پر سیلز ٹیکس لگانے سے گریز کریں گے تو غریبوں پر ہی لگائیں گے جو کیا جا رہا ہے، بیٹھ کر سوچنا چاہیے کہ امیر لوگوں سے ٹیکس کیسے اکٹھا کرنا ہے صرف غریبوں پر ٹیکس نہیں لگانا۔ سابق وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان میں بجلی کے بل انتہا سے زیادہ بڑھ چکے ہیں، جب میں وزیر تھا تو شہباز شریف نے فون کیا تھا کہ 200 یونٹس والوں کی بجلی کی قیمت نہ بڑھائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ہم نے 200 یونٹس والے صارفین کے لیے عالمی مالیاتی ادارے سے بات کی تھی تو آئی ایم ایف مان گیا تھا۔ مفتاح اسماعیل نے مزید کہا کہ حکومت کم از کم اب بھی 200 یونٹس سے 300 یونٹس کے گھریلو صارفین کے ٹیکس کم کر سکتی ہے، بس اس کے لیے آئی ایم ایف سے پوچھنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوں کے معاملے پر اگر آئی ایم ایف سے بات کریں لیں تیزی نہ لگائیں تو وہ بات مان جائے گا، پاکستان کی حکمرانی ناقص ہے ہم یہاں کچھ نہیں کر سکتے

بقیہ 27

کر کے تھانہ کلچر میں واضح اور مثبت تبدیلی لا رہی ہے، تھانہ مزنگ کو مختصر ترین مدت میں سپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشن کی سہولیات سے آراستہ کر کے فعال کیا گیا، سپیشل انیشیٹو پولیس سٹیشنز صاف ستھرے ماحول اور سٹیزن فرینڈلی سمارٹ پولیسنگ کی شاندار مثال ہیں، سپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشن میں کارپوریٹ طرز پر کیوئنگ مشین ٹوکن سے سروسز کا آغاز ہوتا ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ فرنٹ کاؤنٹرز پر موجود مستعد عملہ آپکو مطلوبہ افسر تک رہنمائی اور رسائی سمیت تمام تر سہولیات مہیا کر رہا ہے، تھانے میں پولیس خدمت مرکز کی سہولیات بھی فراہم کی جا رہی ہیں، شہری 04 تا 06 جے ایس ایچ اوز سے ملاقات کر سکتے ہیں، ہر واقعہ کی ایف آئی آر اندراج کی ڈیڈ لائن مقرر ہے، شہری انویسٹی گیشن سے متعلق یا کسی بھی قسم کی انفارمیشن با آسانی حاصل کر سکتے ہیں۔ پنجاب پولیس ٹائم لائن کے مطابق ہر واقعہ کا پرچہ درج کر رہی ہے، شہریوں سے درخواست ہے کہ جھوٹی گواہی مت دیں، اگر پولیس افسر یا اہلکار سے متعلق کوئی بھی شکایت ہے تو فوری 1787 کمپلینٹ سنٹر سے رابطہ کریں۔

بقیہ 28

سے نکالا اور اپنے دور حکومت میں ہی بجلی کی لوڈ شیڈنگ ختم کیا گیا، آج کی مہنگائی کا ذمہ دار وہ ججوں کا ٹولہ ہے جس نے 2017 میں محمد نواز شریف کو نا اہل کر کے پاکستان کے معاشی استحکام اور جمہوریت پر کاری ضرب لگائی اس ٹولے کو جنرل باجوہ اور جنرل فیض کی حمایت حاصل تھی جنہوں نے ایک طویل سازش کے بعد عمران خان کو پاکستان کی عوام پر مسلط کیا 2019 میں عمران خان نے ائی ایم ایف کے ساتھ غریب دشمن اور ترقی دشمن معاہدہ کیا جس کے نتیجے میں پاکستان کی حکومت کا کرنسی پر کنٹرول عملاً ختم ہو گیا

بقیہ 29

دی گئیں جو سیوریج اور گلی محلوں کی صفائی یقینی بنائیں گی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ نے کہا کہ دین اسلام نے صفائی کو نصف ایمان قرار دیا ہے اور ہم سب پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔ انہوں نے حکومت پنجاب کی اب گاؤں چمکیں گے مہم کو گندگی سے پھیلنے والی بیماریوں کے تدارک کے لئے اہم قرار دیا۔

بقیہ 30

روپے کی بجلی مفت استعمال کر رہا ہے۔ مہنگی بجلی اور عوام کا معاشی قتل ناقابل قبول، اضافہ فوری واپس لیا جائے۔ حکومت بجلی کی قیمت میں ظالمانہ اضافے کے خلاف اپنا کوئی کردار ادا نہیں کر رہی ہے۔ نگراں وزیراعظم کہتے ہیں کہ ان کے پاس پیٹرول اور بجلی کم کرنے کا اختیار نہیں ہے تو وہ گھر چلے جائیں۔ اہل لاہور سے اپیل مہنگی بجلی کی ستائی عوام 2 ستمبر کو سراج الحق کی قیادت میں اپنے حق کیلئے گھروں سے باہر نکلے۔ ان خیالات کا اظہار لاہور ہائیکورٹ بار میں وکلاء برادری نمائندوں سے کو مہنگائی اور مہنگی بجلی کے خلاف امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق کی اپیل پر 2 ستمبر کو ہونے والی احتجاج میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ہائیکورٹ بار کے صدر اشتیاق احمد خان، شہباز وڑائچ اور دیگر وکلاء قائدین نے خیر مقدم کیا اور بجلی کے بلوں میں بے پناہ اضافہ کے خلاف 2 ستمبر کو امیر جماعت سراج الحق کی کال پر حمایت کا اعلان کیا اور کہا کہ وکلاء برادری مہنگائی کے خلاف پر امن احتجاج میں عوام کے ساتھ کھڑی ہوگی۔

بقیہ 31

کہ انڈیپنڈنٹ پاور پلانٹس (آئی پی پیز) بجلی گھروں نے اندھی کرپشن کی، ان کیخلاف ایکشن لیا جائے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا چیئرمین سیف اللہ ابڑو کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ چیئرمین کمیٹی نے پوچھا کہ بجلی کے بلوں میں اضافے کی وجوہات کے بارے میں قوم جاننا چاہتی ہے۔ وزارت توانائی حکام نے جواب دیا کہ 2013 میں کپیسٹی چارجز 185 ارب تھے، 2019 میں یہ بڑھ کر 642 ارب ہوگئے، 2021 میں 796 ارب، 2022 میں 971 ارب، 2023 میں 3.1 ٹریلین ہوگئے، 2024 کے لئے تخمینہ 2010 ارب ہے۔ بہرہ مندتنگی نے کہا کہ لوگ بل جلا رہے ہیں، کون ذمہ دار ہے، خیبر سے کراچی تک احتجاج ہو رہا ہے، صورتحال خراب ہے اور سول نافرمانی کی طرف جا رہی ہے، ملک کمزور ہو رہا ہے۔ ارکان کمیٹی نے کہا کہ چوری، لائن لاسز، ڈیفالٹرز کا خمیازہ عوام بھگت رہے ہیں۔ کمیٹی نے پاور ڈویژن سے ریکوری، چوری اور نقصانات کی ڈسکوز وائز تفصیلات طلب کرتے ہوئے کہا کہ آئی پی پیز کے معاہدے عوام کو لے ڈوبے، آئی پی پیز نے سرمایہ کاری کی رقم میں اوور انوائسنگ کی، اس بات کی انکوائری ہونی چاہیے ہمارے بچے آئی پی پیز کے قرض چکا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2009 میں لگنے والے منصوبوں کی لاگت 2 ارب ڈالر کیسے تھی، پاور ڈویژن سویا رہا تخمینہ کو دیکھے بغیر منظوری دی، ہم اس کرپشن کو بے نقاب کریں گے انکوائری کرائینگے، آئی پی پیز نے اندھی کرپشن کی، ان کیخلاف ایکشن لیا جائے

بقیہ 32

پر ٹیکسز اور قیمتیں کم کرنے کا مطالبہ کیا جبکہ بجلی بلوں میں اضافے پر عوامی ردعمل کو دیکھ کر آئیسکو دفاتر کی سیکورٹی بڑھا دی گئی۔ بکرا منڈی آئیسکو آفس کے باہر احتجاج کرتے ہوئے شہریوں نے کہا کہ بجلی کے بلوں میں اضافہ اور ٹیکسز کسی صورت قبول نہیں، مزدور طبقہ دو وقت کی روٹی کمائے یا بچوں کی سکول کی فیسیں جمع کروائیں یا پھر بھاری رقم کے بجلی کے بل جمع کروائیں، سینکڑوں شہریوں نے گرڈ اسٹیشن کا گھیراؤ کر کے بکرا منڈی گرڈ اسٹیشن کے سامنے اپنے بل جلا ڈالے بجلی کے بلوں میں اضافے پر عوامی ردعمل دیکھ کر میٹر ریڈنگ تاخیر کا شکار ہونے کا خدشہ میٹر ریڈرز نے تشدد کے خطرے کے باعث میٹر ریڈنگ سے صاف انکار کر دیا۔ عوامی ردعمل پر آئیسکو حکام نے کہا کہ احتجاجی مظاہرے کے پیش نظر فورس تعینات کرنے کے لیے خط لکھا گیا تھا شہریوں کی جانب سے احتجاجی مظاہروں اور گھیراؤ کا سلسلہ جاری ہے

بقیہ 33

بدبو پھیلتی تھی اور باقی دوکانداروں اور گاہکوں کو صحت مند فضا میں سانس لینا مشکل تھا۔ قریبی دوکانداروں نے کئی مرتبہ کہا کہ یہ کسی دوسری جگہ دوکانیں کھلی فضا میں قائم کی جائیں لیکن چیڑے کا کاروبار کرنے والوں نے بات سنی ان سنی کر رکھی تھی۔ آج صبح اسسٹنٹ کمشنر وزٹ پر تھے تو مظفر مارکیٹ کے دوکانداروں نے اے سی کی توجہ اس گھمبیر مسئلہ کی طرف مبذول کرائی گئی جس پر اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مذکورہ دو دوکانیں سیل کر دیں۔ جس پر مظفر مارکیٹ کے دوکانداروں، رانا عثمان خالد، نعمان خالد، جمیل خان، ارسلان قریشی و دیگر نے اسسٹنٹ کمشنر کے اس اقدام کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 34

کے ہمراہ تھے ایس ایس پی آپریشنز ملتان محمد عمران نے سی پی او ملتان منصور الحق رانا کو سکیورٹی انتظامات پر بریفنگ دی۔ ایس ایس پی آپریشنز نے بتایا کہ کھلاڑیوں اور میچ آفیشلز کے ساتھ ساتھ شائقین کرکٹ کی سکیورٹی کے لیے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے ہیں روٹس، ہوٹلز اور اسٹیڈیم کے اندر و باہر سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے انہوں نے بتایا کہ روٹس اور اسٹیڈیم کے گردونواح میں جے ٹی ٹی اور حساس اداروں کا سرچ آپریشن جاری ہے سی پی او ملتان نے ہدایات کی میچ کے دوران سیکورٹی انتظامات کے ساتھ ساتھ شہریوں کی سہولت کو مدنظر رکھا جائے خواتین، بزرگ شہریوں اور معذور افراد کی مدد کی جائے ڈپٹی کمشنر ملتان عمر جہانگیر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ نے پولیس اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں

بقیہ 35

بڑی مشکل سے پورے ہو رہے ہیں اس وقت کاروباری لوگوں سے بھی زیادہ کسان متاثر ہو رہے اس کے برعکس کھاد ڈیلرز نے کھاد کو بلیک میں فروخت کا دھندہ شروع کر دیا ہے جو کسی بھی بڑے سے بڑے ظلم کے مترادف ہے کھاد ڈیلروں کو تمبیع کی جاتی ہے کہ سرکاری نرخوں پر کھاد کسانوں کو فروخت یقینی بنائیں بصورت دیگر جو بھی کھاد ڈیلرز مہنگے داموں کھاد فروخت کرتے ہوئے پکڑا گیا تو مقدمہ درج ہونے کیساتھ ساتھ جیل کی سزا بھی بھگتنا پڑے گی،

بقیہ 36

انتہائی عقیدت۔ و۔ احترام سے منایا گیا چہلم کے جلوس میں عزاداران ہزاروں کی تعداد میں شریک ہوئے جلوس کے روایتی راستوں پر جگہ جگہ عزاداران کے لئے سبیل کے انتظامات کیے گئے تھے نوحہ خوانی پر سینہ کوبی اور زنجیر زنی کا ماتم کیا گیا جلوس کے روایتی راستوں اور گلیوں کو خاردار تار سے بند کیا گیا عزاداران کے داخلی۔ و۔ خارجی راستوں پر سخت چیکنگ کے انتظامات کیے گئے چہلم کا جلوس روایتی راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ خیام کربلا میں اختتام پزیر ہوا

بقیہ 37

عامر سرفراز نے ملاقات کی جس میں تجارت، سرمایہ کاری، ترقیاتی منصوبہ بندی اور دیگر شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نگران وزیر اعظم نے برطانوی سیاسی نظام، برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کی خدمات کو سراہا، انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ برطانیہ میں مقیم پاکستانی تعلقات کو مزید بہتر کرنے میں انتہائی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ لارڈ عامر سرفراز نے انوار الحق کاکڑ کو وزارت عظمٰی کا منصب سنبھالنے پر مبارک پیش کی، برطانوی سیاسی قیادت اور برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

بقیہ 38

جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ پیر کو 3 روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے کے بعد شاہ محمود قریشی کو آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین کے سامنے میں پیش کیا گیا شاہ محمود قریشی کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق ایف آئی اے کی درخواست پر ان کیمرا سماعت کی گئی۔ پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی کی جانب سے مزید 5 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی تھی تاہم عدالت نے شاہ محمود قریشی کو دو روزہ جسمانی ریمانڈ پر ایف آئی اے کے حوالے کیا۔ سماعت ختم ہونے کے بعد شاہ محمود قریشی کے وکیل شعیب شاہین نے عدالت کے باہر صحافیوں کو بتایا کہ ان کے مؤکل کے ریمانڈ میں مزید دو دن کی توسیع کر دی گئی ہے۔ انہوں نے خصوصی عدالت کے جج کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کیس میں پیشرفت نہ ہونے پر مزید جسمانی ریمانڈ نہیں دیا جائے گا۔ یاد رہے کہ 19 اگست کو وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو اسلام آباد سے گرفتار کر لیا تھا اور انہیں سفارتی سائفر سے متعلق آفیشل سیکرٹ ایکٹ 1923 کے تحت درج مقدمے میں نامزد کر دیا گیا تھا، ان کی گرفتاری کے اگلے روز اسلام آباد کے مقامی مجسٹریٹ نے انہیں ایک روز کے لیے ایف آئی اے کی تحویل میں دے دیا تھا جس کے بعد اسلام آباد کی خصوصی عدالت نے شاہ محمود قریشی کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا تھا جس کے بعد آج انہیں ایک پھر عدالت میں پیش کر کے ان کا 3 روزہ ریمانڈ حاصل کیا گیا تھا۔ ایف آئی اے کی جانب سے درج فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (ایف آئی آر) میں شاہ محمود قریشی کو نامزد کیا گیا اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی دفعات 5 (معلومات کا غلط استعمال) اور 9 کے ساتھ تعزیرات پاکستان کی سیکشن 34 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔

بقیہ 39

ادبیات تعیناتی کے خلاف درخواست میں فریقین کو جواب کیلئے نوٹسز جاری کر دیئے۔ پیر کو سماعت کے دوران درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ چیئرمین اکادمی ادبیات کا عہدہ اپریل 2023 میں خالی ہوا تھا، آسامی کیلئے اخبارات میں اشتہار دیا گیا، ڈیڑھ سو امیدواروں میں سے سات کو شارٹ لسٹ کیا گیا، وزیراعظم آفس نے شارٹ لسٹ کئے گئے امیدواروں کے انٹرویو کئے گئے، وزیراعظم کی منظوری کے لیے بنائی گئی سمری میں ڈاکٹر راشد حمید پہلی پوزیشن پر تھے، ڈاکٹر راشد کی بجائے ڈاکٹر نجیبہ عارف کو تعینات کر دیا گیا، عدالت نے کیس کی سماعت دو ہفتوں تک کیلئے ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر راشد حمید نے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کیا ہے اور درخواست میں پرنسپل سیکرٹری کے ذریعے وزیراعظم سیکرٹریٹ کو فریق بنایا گیا ہے۔

بقیہ 40

ایپکس کمیٹی کا اجلاس ہوا، اجلاس میں چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے بھی شرکت کی۔ چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے معیشت کی بحالی کے لیے نگران حکومت کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرا دی، انہوں نے کہا کہ پاک فوج پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون کرے گی۔ اس موقع پر نگران وزیراعظم نے ہدایت کی کہ جن منصوبوں کی نشاندہی کی گئی ان کی جلد تکمیل یقینی بنائی جائے، ایپکس کمیٹی نے ملکی معیشت کی بحالی کے لیے ایس آئی ایف سی کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں وزراء اعلیٰ، نگران وفاقی وزراء، صوبائی وزراء اور اعلیٰ سول و عسکری حکام نے شرکت کی۔ ایپکس کمیٹی اجلاس کے اعلامیے کے مطابق نگران وزیر اعظم نے خصوصی سرمایہ کاری کونسل کے موثر کام کی تعریف کی، ایپکس کمیٹی نے کونسل کی عالمی سطح پر رسائی حاصل کرنے کی حکمت عملی اور برادر، دوست ممالک کے ساتھ روابط کو سراہا۔ اجلاس میں سعودی عرب اور اسلامک آرگنائزیشن فار فوڈ سیکورٹی کے اعلیٰ سطح کے وفود کے دوروں کو نتیجہ خیز قرار دیا گیا، ایپکس کمیٹی نے ملکی معیشت کی بحالی کی طرف مثبت رفتار کو برقرار رکھنے میں اپنے عزم اور حمایت کا اظہار کیا۔ ایپکس کمیٹی نے زراعت، لائیوسٹاک، معدنیات، آئی ٹی اور توانائی کے کلیدی شعبوں میں سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے پچھلی حکومت کے منظور کردہ منصوبوں کی بھی توثیق کی، نگران وزیراعظم نے شناخت شدہ منصوبوں کی تکمیل میں تیزی لانے کی ہدایت کی

بقیہ 41

تمام ٹیم کو بھی مبارک پیش کرتے ہیں، ارشد ندیم کی مسلسل محنت، کامیابیوں کے آسمان چھولینے کی جستجو اور جذبہ تمام نوجوانوں کے لئے مثال ہے، دعا ہے کہ ارشد ندیم اسی طرح پاکستان اور قومی پرچم سربلند کرتے رہیں۔ ارشد ندیم 2022ء میں دولت مشترکہ کھیلوں میں سب سے دور نیزہ پھینکنے کا ریکارڈ بنا چکے ہیں

بقیہ 42

نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ امید ہے بطور پاکستانی ہائی کمشنر پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات مزید بہتر ہوں گے۔ چیئرمین سینیٹ نے ڈاکٹر فیصل کو ماحولیات، تجارت، آئی ٹی، تعلیم کے شعبوں میں برطانیہ کے ساتھ تعاون کو مزید فروغ دینے کے حوالے سے ہدایات دیں۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ کے تاجروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے کیلئے اقدامات اٹھانے چاہیے۔ سرمایہ کاروں کا اعتماد معیشت کے استحکام میں مددگار ثابت ہوگا۔ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ کاروباری و معاشی روابط عوام کو مزید قریب لانے میں مددگار ثابت ہونگے، برطانیہ میں مقیم پاکستانی دونوں ملکوں کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کر رہے ہیں، برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے اس امید کا اظہار کیا کہ ڈاکٹر محمد فیصل اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں گے۔

بقیہ 43

فرد جرم کی کارروائی موخر کر دی۔ پیر کو ایم پی او احکامات کے خلاف درخواست کی سماعت کے دوران شہریار آفریدی، شاندانہ گلزار ڈپٹی کمشنر عرفان نواز، ایس ایس پی آپریشن عدالت پیش ہوئے۔ سٹیٹ کونسل نے کہا کہ ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد اس کیس میں دلائل دیں گے، عدالت نے ڈپٹی کمشنر سے استفسار کیا کہ ڈی سی صاحب آپ کو پتہ ہے کتنے آرڈر پاس ہوئے جس پر ڈی سی اسلام آباد نے کہا کہ مختلف عدالتوں کے آرڈرز ہوتے ہیں اس لیے مجھے تفصیلات کا نہیں پتہ، دوران سماعت چیف کمشنر کی رپورٹ عدالت میں جمع کراتے ہوئے وکیل نے کہا کہ آئی جی اسلام آباد کی رپورٹ تھوڑی دیر میں جمع کرا دیتے ہیں، اس موقع پر سٹیٹ کونسل نے سماعت ملتوی کرنے کی استدعا کی، شیر افضل مروت ایڈووکیٹ نے کہا کہ بھائی اور بہن جوفوت ہو گئے ان کو وہاں جانے نہیں دیا گیا، جسٹس بابر ستار نے کہا کہ اسلام آباد کے باہر میرا دائرہ اختیار نہیں اگر وہاں کچھ ہوتا ہے تو ہم کچھ نہیں کر سکیں گے، چیف کمشنر اور آئی جی بھی اس کی ذمہ داری نہیں لیں گے، عدالت نے ڈی سی اسلام آباد اور ایس ایس پی آپریشنز کو فرد جرم کی کارروائی 7 ستمبر تک موخر کرتے ہوئے ایم پی او معطلی کے حکم میں آئندہ سماعت تک توسیع کر دی اور اقدامات کے ساتھ سماعت 6 ستمبر تک کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 44

سے طالبات میں شہری اقدار کو فروغ دینے اور پاکستان کی صنف، پسماندگی اور سماجی پالیسی کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سمیرا صمد نے نوجوان خواتین کی ترقی میں وویمن ڈویلپمنٹ سنٹر کے اہم کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ قانون سازی کے اقدامات سے پنجاب بھر میں خواتین کے حقوق کے تحفظ میں مدد ملی۔

بقیہ 45

سستیا عالم میں آئی کے سی اور راجپوت کنسٹرکشن اینڈ انجینئرنگ ملائشیا کے زیر اہتمام پاکستان اور ملائشیا کے جشن آزادی کے حوالے سے خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی سابق ممبر پارلیمنٹ ملائشیا داتو حسن الدین محمد یونس تھے۔ ایکسکو سیلاگور مسٹر نذری، ڈپٹی منسٹر انڈسٹریز داتو نزیلہ، سی ای او کے پی جے ہاسپٹلز ملیشیا پوان نورانی، راجپوت کنسٹرکشن اینڈ انجینئرنگ ملائشیا کے مینیجنگ ڈائریکٹر رانا محمد اصغر، رانا ریاست علی، داتن شریفہ، ویلفیئر اتاشی پاکستان ہائی کمیشن ڈاکٹر حبیب امین پی آئی اے کے کنٹری مینیجر میاں عرفان، سٹوڈیو گرین کے جنرل مینیجر فریال اقبال، ماحسا یونیورسٹی کی مارکوم مینیجر مس جینیفر، بزنس کمیونٹی سے بابر شہزاد، عدنان کاشفی، حبیب بٹ، راسب تارڑ، سینئر صحافی نثار علی خان، جاوید الرحمٰن، فاروق ڈوگر، ملک واجد علی، پاکستانی اور لوکل کمیونٹی نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مہمان خصوصی داتو حسن الدین محمد یونس نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک ملائشیا عوام کے دل ایک دوسرے کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ دونوں اسلامی ممالک دوست اور بھائی بھائی ہیں۔ تقریب سے آئی کے سی کے عمران خان نے بھی خطاب کیا۔ پروگرام میں مقامی پاکستانی گلوکار حنان رضا نے اپنی پرفارمنس سے محفل میں رنگ بکھیر دیئے۔ پروگرام کی میزبانی مس شمیم نے کی۔ آخر میں مہمانوں کی پاکستانی اور عرب کھانوں سے تواضع کی گئی۔

بقیہ 46

اور کہا کہ ملاقات والی درخواست پر آرڈر کر دیں اس پر چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ امید ہے آج ویسے ہی سزا معطلی کی درخواست طے ہو جائے گی۔ الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز نے دلائل میں کہا کہ کیس میں پبلک پراسیکیوٹر کو بھی نوٹس کیا جانا ضروری ہے اس پر چیف جسٹس نے کہا کہ شکایت تو الیکشن کمیشن نے فائل کی تھی ریاست نے نہیں، ٹرائل کورٹ میں آپ نے یہ بات نہیں کی آج آپ پہلی بار یہ بات کہہ رہے

بقیہ 47

ایک پریس کانفرنس کے دوران کہا جس میں انہوں نے پاکستان میں قومی ترقی اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ردعمل میں INGOs کے کردار پر روشنی ڈالی۔ "سیلاب سے متاثرہ کمیونٹیز کی مکمل بحالی کا راستہ ایک پیچیدہ کوشش ہے، جس کے لیے نہ صرف فوری اقدامات کی ضرورت ہے بلکہ طویل مدتی حل کے لیے مستقل عزم کی بھی ضرورت ہے،" انہوں نے مزید کہا۔ عادل نے بتایا کہ 2022 میں پی ایچ آئی ایف کی رکن تنظیموں (INGOs) نے پورے پاکستان میں 400 منصوبوں پر عمل درآمد کیا، بشمول آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان۔ ان منصوبوں میں 296 ایسے اقدامات شامل تھے جو انسانی امداد فراہم کرنے کے لیے وقف تھے، خاص طور پر 2022 کے سیلاب کے جواب میں، اور 104 ترقیاتی کاوشوں پر مرکوز تھے

بقیہ 48

شیئرڈ فیوچر اسلام آباد نے پاکستان میں عوامی جمہوریہ چین کے سفارت خانے کے تعاون سے 'کمیونٹی آف شیئرڈ فیوچر فار مینکائنڈ' کے موضوع پر الرازی ہال میں ایک روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد کیا۔ کانفرنس کا مقصد مشترکہ عالمی برادری کے چین کے ویژن کے انتہائی اہم پہلوؤں کو سمجھنا تھا اور یہ سمجھنا تھا کہ مشترکہ مستقبل کی کمیونٹی کے تصور کو مستقبل میں کس طرح نافذ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 49

قتل کے معاملے پر گوجرانوالہ ریجنل پولیس آفیسر ڈاکٹر حیدر اشرف نے فوری نوٹس لے لیا۔ ڈی پی او نارووال طاہر رحمان خان کی زیر نگرانی پولیس ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں، ملزمان کی جلد گرفتاری کے احکامات جاری۔ آر پی او نے کہا ہے کہ درندہ صفت ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دلوائیں گے۔

بقیہ 50

ملک جبکہ ہیومن ڈویلپمنٹ انڈیکس میں 189 ممالک کی فہرست میں 154 ویں نمبر پر ہے جو قابل تشویش ہے، نئی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی ساڑھے 24 کروڑ سے زیادہ ہے جس میں ہر سال تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، آبادی کنٹرول کرنے کے لئے مردوں کو آگاہی دینے اور ان کی سوچ بدلنے کی زیادہ ضرورت ہے، خاندان چھوٹا رکھنا میاں بیوی دونوں کی رضامندی کے بغیر ممکن نہیں۔ وزیر بہبود آبادی ڈاکٹر جمال ناصر نے پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ کے دفتر کا دورہ کیا۔ سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر سلمان اعجاز اور فنڈ کے سی ای او طلحہ حسین فیصل نے استقبال کیا۔ اس موقع پر انہیں جنرل مینجر آمنہ انشید اور محمد قیوم نے اپنے ادارے کے طریقہ کار، ذمہ داریوں اور کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو شادی سے پہلے اور فوری بعد فیملی پلاننگ کے بارے میں ضروری معلومات مہیا کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے معاشرے میں فیملی پلاننگ ایک حساس موضوع ہے، اس پر بات کرنا اور اس سلسلے میں کام کرنا ایک مشکل ٹاسک ہے۔ چھوٹے خاندان کا پیغام عام کرنے کے لئے مردوسوشل موبلائزر کی خدمات حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ بچوں کے درمیان وقفے کا پیغام موثر طور پر عام کرنے کے لئے ڈیجیٹل میڈیا کا استعمال کیا جائے اور فیملی پلاننگ کی خدمات تک لوگوں کی رسائی آسانی سے ممکن بنائی جائے۔

بقیہ 51

لیا۔ پنجاب یونیورسٹی کے تحت انجینئرنگ ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدوار کسی بھی انجینئرنگ یونیورسٹی میں داخلے کے اہل ہوں گے۔ قبل ازیں یو ای ٹی کے زیر اہتمام ہونے والی ای کیٹ کو انجینئرنگ پروگرامز میں داخلوں کے لئے تسلیم کیا جاتا تھا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے کہا ہے کہ پنجاب یونیورسٹی کے انجینئرنگ ٹیسٹ کی حیثیت تسلیم کرنا اہم کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی یو کا انجینئرنگ ٹیسٹ دینے والے امیدوار کسی بھی یونیورسٹی کے انجینئرنگ پروگرام میں داخلے کے اہل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی نے اعلی معیار کے داخلہ ٹیسٹ کا انعقاد کروایا۔

بقیہ 52

نمائندگان سید اسد علی شاہ چودری محمد زبیر بسمل حافظ عبدالوحید غلام مصطفی مٹھو اور دیگر قائدین کی اپیل پر پنڈدادنخان کے شہری اندھادھند بجلی کے بلوں اور دیگر ٹیکسز کے خلاف شہری سراپا احتجاج بن گئے ہزاروں افراد پر مشتمل پر امن شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے ارباب اختیار سے پرزور مطالبہ کیا کہ غریب و متوسط طبقے کو مسلسل ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبا کر فاقہ کشی خودکشی پر مجبور کرنے کی بجائے اعلی افسران بیوروکریٹ ریٹائرڈ و حاضر سروس افسران کو تین تین ہزار یونٹس بجلی اور تین تین سولیٹر اور سرکاری خرچ پر دس دس ملازمین ختم کر کے غریب عوام کو فاقہ کشی اور خودکشیوں سے بچایا جائے حکمران طبقے کی غلط پالیسیوں کے باعث امیر امیر سے امیر تر اور غریب غریب سے غریب تر ہوتا جا رہا ہے 15 سے 20 ہزار روپے کمانے والے کا بجلی کا بل 10 سے 15 ہزار اور 30 سے 40 ہزار روپے کمانے والے کا بل 20 سے 25 ہزار روپے آ رہا ہے اس میں ایک غریب آدمی بچوں کی فیس مکان کا کرایہ اور راشن کا بل کہاں سے ادا کرے اجتماع میں ایک مشترکہ قرار داد کے ذریعے مطالبہ کیا گیا کہ اگر حکومت نے فوری طور پر ٹیکسز کی مد عام آدمی کو خاطر خواہ ریلیف فراہم نہ کیا گیا تو 2 ستمبر کو مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی جائے گی۔

بقیہ 53

کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئین 90 روز کے اندر لازمی انتخابات کا تقاضا کرتا ہے اس سلسلے میں حلقہ بندی آئینی ضرورت نہیں ہے۔ آئینی ضرورت کے تحت 90 روز کے اندر انتخابات کرانے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئین پر عملدرآمد چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ایم کیو ایم کو انتخابات سے بھاگتے ہوئے بار بار دیکھا ہے۔ ایم کیو ایم ایک بار پھر انتخابات سے فرار کی تاریخ رقم کرنے والی ہے کیونکہ ایم کیو ایم کو انتخابات میں اپنی شکست صاف نظر آ رہی ہے۔

بقیہ 54

وخروش کیساتھ منانے میں پیش پیش رہی ہے، پاکستان کے 76 ویں جشن یوم آزادی کے سلسل میں ایسوسی ایشن نے گزشتہ روز ایک شاندار تقریب منعقد کی۔ گرینڈ آفیسر زمیس راولپنڈی کینٹ میں منعقدہ اس تقریب میں ایسوسی ایشن کی آفیشلز اور ارکان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ قومی پرچم سے ملتے جلتے لباس میں ملبوس خواتین ہاتھوں میں قومی پرچم لئے شریک تھیں۔ تقریب میں معروف ڈاکٹر، ڈاکٹر منور شیر خان جنہوں نے پاکستان آرمی ہولی فیملی ہسپتال اور پاکستان ریڈ کریسنٹ اداروں میں اپنے فرائض جانفشانی سے انجام دیئے مہمان خصوصی تھیں۔ معروف شخصیت سردار کمال خان اور ریٹائرڈ ڈپٹی سیکرٹری ملک مختار علی نے بطور گیسٹ آف آنرز شرکت کی۔ ڈاکٹر منور شیر خان جنہیں صدر مملکت کی جانب سے گولڈ میڈل اور سرٹیفکیٹ آف ایکسی لینس مل چکا ہے نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کو اس بات کی طرف توجہ دینی چاہیے کہ ہم اپنی ذات سے کس طرح اپنے معاشرے کو بہتر بنا سکتے ہیں

بقیہ 55

فراہم کئے جاتے ہیں۔ پیر کو اٹارنی جنرل نے چیئرمین پی ٹی آئی کو سہولیات سے متعلق رپورٹ چیف جسٹس کو چیمبر میں پیش کی۔ جیل حکام کی رپورٹ کے مطابق جیل میں چیئرمین تحریک انصاف کے ساتھ والے بیریکس کے بلاکس خالی کرا دیئے گئے، جیل میں چیئرمین پی ٹی آئی کو ڈائٹ فوڈ ان کی مشاورت سے دیا جاتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کو پیر سے اتوار تک ان کو ناشتے میں بریڈ، آملیٹ، دہی اور چائے دی جاتی ہے، لنچ میں پیر کو سبزی، روٹی، سلاد اور دہی دیا جاتا ہے، منگل کو دال چنے، بدھ کو دال ماش دی جاتی ہے، جمعرات کو دال، جمعہ کو سبزی، ہفتے اور اتوار کو بھی دال دی جاتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ڈنر میں دال چاول، دہی اور سلاد دیا جاتا ہے، ملزم کی ڈیمانڈ پر ہفتے میں دو بار دیسی مرغی اور ایک بار چھوٹا گوشت دیسی گھی میں تیار کر کے فراہم کیا جاتا ہے، موسمی پھل بھی فراہم کئے جاتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 18 اگست کو سیل کے واش روم کی مرمت کر کے اس کی دیوار مزید پانچ فٹ اونچی کی گئی، ملزم کو جس سیل میں رکھا گیا ہے اس کی مرمت کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق سیل کا فرش سیمنٹ کا ہے، ایک پنکھا لگا ہوا ہے، واش روم کے اندر پورٹا کمپنی کا کموڈ، مسلم شاور، ٹشو اسٹینڈ لگائے گئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق وضو کیلئے واش روم کے باہر واش بیسن لگایا گیا ہے، ملزم کا سیل بیک سائیڈ سے ہوا کے لئے کھلا ہے، سیل کے اس ایریا میں ملزم واک کر سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملزم کو ایک میٹریس، چار تکیے، ٹیبل، کرسی، جائے نماز اور ایئر کولر کی سہولت دی گئی ہے، ملزم کو قرآن پاک انگریزی ترجمے کے ساتھ فراہم کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 25 کتابیں پڑھنے کے لئے دی گئی ہیں، ملزم کو 21 انچ ایل ای ڈی ٹی وی کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملزم کے سیل کی صفائی کے لئے 2 سینیٹری ورکرز موجود ہیں، اٹک جیل میں سیکیورٹی کو مضبوط بنانے کے لئے دیگر جیلوں کے 53 افسران کو تعینات کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق چار اے ایس پی رینک کے پولیس افسران تین شفٹوں میں ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں، ملزم اور سٹاف کی نقل و حرکت چیک کرنے کے لئے 3 کیمرے نصب کئے گئے ہیں، ڈیوٹی دینے والے سٹاف کو دو وائرلیس فون دیئے گئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق فیملی کے لئے منگل دن 2 بجے، وکلا کے لئے جمعرات کا دن ملاقات کے لئے مقرر کیا گیا ہے، ملاقاتوں کے دوران سخت سکیورٹی کے انتظامات کئے جاتے ہیں، اس وقت اٹک جیل میں 982 قیدی قید ہیں۔ رپورٹ کے مطابق وکیل نعیم حیدر پنجوتھا، اہلیہ بشریٰ بی بی، عمیر خان نیازی، بابر اعوان اور لطیف کھوسہ ملاقاتیں کر چکے ہیں، جیل میں چیئرمین پی ٹی آئی کی طبی چیک اپ کے لئے پانچ ڈاکٹرز کا پینل ہر وقت موجود ہوتا ہے۔

بقیہ 56

لیٹیشن پروگرام پر عملدرآمد کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے بتایا کہ پروگرام کے تحت ڈویژن میں تیرہ سڑکوں کی مرمت و بحالی کی سکیموں پر کام جاری ہے۔ فیصل آباد میں پانچ، چنیوٹ میں تین، جھنگ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں تین سکیموں کے علاوہ ملٹی ڈسٹرکٹ فیصل آباد و ساہیوال اور چنیوٹ و حافظ آباد کی ایک ایک سڑک سکیم پروگرام میں شامل ہے۔

بقیہ 57

کی ہدایات پر ایس ایچ او تھانہ بستی ملوک طارق جواد نے محمد بلال ایس ائی و دیگر ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے مجرم فاروق جاوید سے دو ہزار گرام چرس برآمد کر لی۔ ایس ایچ او تھانہ بستی ملوک طارق جواد اور محمد بلال سب انسپکٹر اور نے کہا کہ جرائم پیشہ لوگوں کے خلاف سخت کارروائی جاری رکھیں گے۔ تھانے کی حدود سے جرائم پیشہ عناصر کا خاتمہ اولین ترجیح ہے۔ منشیات فروشوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں۔ محمد بلال ایس ائی نے کہا کہ سی پی او ملتان منصور الحق رانا کے ویژن پر عمل کرتے ہوئے منشیات فروشوں اور دیگر جرائم میں ملوث افراد کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں۔ منشات فروش قومی مجرم ہیں۔ منشات فروش کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

بقیہ 58

میاں عبد الستار دنیا۔ چوہدری انعام الحق۔ اشتیاق ربانی۔ افضال خاں۔ حافظ اعجاز علی رضا۔ عرفان خاں۔ ملک نثار۔ میاں اظہر عنایت۔ خالد مجید چوھدری۔ شہزاد حنیف۔ ملک نواز ٹیپو۔ غلام حسین ایڈووکیٹ و دیگر نے مبارکباد دی ہے

بقیہ 59

راجہ منصور طلعت محمود شہزاد بھٹہ اور تمام صحافیوں نے شرکت کی اور مکمل طور پر کوریج بھی کی اس احتجاج میں انجمن تاجران حاجی عبدالمجید اور جماعت اسلامی کے رہنما زاہد عمران علوآنہ رفیق ساہی تمام تاجروں نے شرکت کی اور کافی حد تک وکلا برادری نے بھی شرکت کی احتجاج میں مہنگائی کے خلاف نعرے بازی بھی کی گئی اور واپڈا اہلکاروں کے خلاف نعرے بازی کی گئی احتجاج کا مقصد صرف ایک ہے غریب عوام کو کسی بھی طرح اس مہنگائی سے نجات مل سکے عوام نے اس احتجاج پر رستم علی تمام صحافیوں جماعت اسلامی وکلاء برادری سول سوسائٹی اور انجمن تاجران کو خراج تحسین پیش کیا

بقیہ 60

دروازہ کھولا تو بیٹا چھت پر چلا گیا جاتے ہی پہلا فائر سر پر مارا جس سے باپ کہ جس کا نام ٹھیکیدار ریاض تھا اپنی چارپائی سے نیچے گرا ظالم بیٹے نے مزید حملہ کرتے ہوئے آٹھ فائر مزید کر دیئے جو کہ گردن سینہ اور پیٹ میں لگے ریاض کا سگا بیٹا عدنان جو کہ پہلی بیوی سے اس کی اولاد ہے سامنے گھر میں موجود تھا جو فائرنگ کی آواز سنتے ہی گھر سے نکلا اور اپنے باپ کی جانب بڑھا ریاض کی سوتیلے بیٹے بلال نے عدنان پر گن تان لی جس سے وہ بھاگنے میں کامیاب ہوا عینی شاہدین کی جانب سے بتایا یہ گیا ہے کہ ملزم کے ساتھ اس کے دو نہ معلوم ساتھی جو بسواری ہنڈا 125 موجود تھے بلال کی والدہ سے ریاض نے عرصہ 14 سال قبل نکاح کیا تھا جس کہ دو بیٹیاں اور دو بیٹے موجود تھے ٹھیکیدار ریاض نے ان دو بیٹوں کو اپنی بیٹیاں سمجھ کر ان کی شادیاں بھی کروا دیں اور ان بیٹوں کو بھی کام کاج کی تلقین کرتا رہا ایک سوتیلا بیٹا تو باپ کا فرمانبردار نکلا لیکن دوسرا بلال نامی بیٹا نشے کا عادی اور کرائم پیشہ افراد کے ساتھ تعلقات کو فروغ دیتا رہا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اس سنگدل بیٹے نے باپ کو بے دردی سے قتل کر دیا قتل کے فوراً بعد تھانہ مراد پور کے ایس ایچ او سمیت عملاً مقتول کے گھر پہنچا اور اس کی دوسری بیوی روبینہ کو گرفتار کیا اور اس کا موبائل ضبط کر لیا جس پر بار بار اس کے بیٹے بلال کی کال آ رہی تھی اہل علاقہ کا کہنا ہے یقین اس قتل میں بلال اور اس کی والدہ دونوں ملوث ہیں۔

بقیہ 61

آئیسکو) سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئیسکو کو یکم جولائی سے 25 جولائی تک کی وصولیوں سے متعلق تادیبی کارروائی نہ کرنے کی ہدایت کر دی۔ صنعت کاروں نے 26 جولائی کے ٹیرف کو یکم جولائی سے نافذ العمل کرنے کا اقدام چیلنج کیا تھا جس پر اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے سماعت کی۔ عدالت نے تحریری حکم جاری کیا کہ آئیسکو یکم جولائی سے 25 جولائی تک کی وصولیوں سے متعلق تادیبی کارروائی نہ کرے، عدالتی معاونت کے لیے آئندہ سماعت پر اٹارنی جنرل آئندہ سماعت پر پیش ہوں۔ عدالت نے وزارت توانائی، آئیسکو اور دیگر فریقین کو بھی نوٹس جاری کر کے جواب طلب کر لیا ہے۔ عدالت نے تحریری حکم میں کہا ہے کہ درخواست گزار کی جانب سے وزارت قانون کے 26 جولائی کے نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا گیا، 26 جولائی کے نوٹیفکیشن کے مطابق اس کا اطلاق یکم جولائی سے کیا گیا ہے، وکیل کے مطابق قانونی طور پر کسی ایسے نوٹیفکیشن کا اطلاق ماضی پر نہیں ہو سکتا، وکیل کے مطابق 26 جولائی کے نوٹیفکیشن پر یکم سے 25 جولائی تک ریکوری نہیں کی جا سکتی۔

بقیہ 62

ہوئے کہا کہ زرعی یونیورسٹی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شکیب کی قیادت میں کامیابیوں کی جانب گامزن ہے ہماری کوشش ہے طلباء کی بہترین تعلیم وتربیت ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلباء کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کیلئے ہم سب مل کر کوششیں کرنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی میں نئے پروگرام شروع کریں گے تاکہ طلباء کی قابلیت میں اضافہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں استاد اور طالبعلم کا رشتہ انتہائی گہرا ہوتا ہے اور ہم سب نے اس رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے اور پیار محبت کی فضاء قائم رکھنی ہے ہم سب کو زرعی یونیورسٹی کا مفاد عزیز رکھنا چاہیے اور اس کی فلاح وبہبود اور طلباء کی بہترین تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دینی چاہیے

بقیہ 63

کے خاتون سمیت 7 ملزمان گرفتار کر لئے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر مسافر کے بیگ سے 652.1 کلو ہیروئن اور 344 گرام آئس برآمد کر لی گئی، مستونگ کا رہائشی ملزم بذریعہ پرواز نمبر PK-287 قطر کے لئے روانہ ہو رہا تھا۔ ترجمان کے مطابق موٹروے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب اے این ایف نے دو کارروائیاں کیں۔ مسافر بس میں سوار میرپور کی رہائشی خاتون کے بیگ سے 2 کلو چرس برآمد کر لی گئی، دوسری کارروائی میں گاڑی میں چھپائی گئی 11 کلو چرس برآمد کر لی گئی، دوران کارروائی پشاور کے رہائشی 3 ملزمان گرفتار کر لئے گئے۔ ترجمان کے مطابق کراچی میں واقع کوریئر آفس میں تکیوں کے غلافوں میں جذب شدہ آئس برآمد کر لی گئی، 24 کلو 380 گرام وزنی پارسل سعودی عرب کیلئے بک کیا گیا تھا۔ ترجمان کے مطابق ہزار گنجی چوک، کوئٹہ کے قریب قلعہ عبداللہ کا رہائشی موٹر سائیکل سوار گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم کے پاس موجود بیگ سے 26 کلوگرام چرس برآمد ہوئی، خیبر کے علاقے زخاخیل میں اسمگلنگ کے لئے چھپائی گئی 9 کلوگرام چرس برآمد کر لی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 64

کو دیوالیہ کر دیا ھے ائے روز بجلی کے بلوں میں نئے نئے ٹیکس لگا کر عوام کا جینا دوبھر کر دیا ھے واپڈا کے اہلکار صارفین کے میٹروں کی ریڈنگ 2/3 دن لیٹ کر کے عوام پر اضافی بوجھ ڈالنے میں برابر کے حصہ دار ھیں۔ بجلی کے بھاری بلوں پر عوام سراپہ احتجاج ھیں جس سے ملک میں افراتفری پھیلنے کا اندیشہ ھے تحریک پاکستان میں وکلاء کے فیصلہ کن کردار سے اج ھم ازاد ملک کے رہائشی ھیں موجودہ حالات ایک بار پھر وکلاء کو اواز دے رہے ھیں وکلاء ملک میں امن کے قیام کے خواھاں ھیں حکومت وقت مہنگائی کو کنٹرول، بیروزگاری کا خاتمہ کرنے کے اقدامات کرے ساتھ ساتھ۔ بجلی۔ گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں کمی کرے جو غریب عوام کی پہنچ میں ھوں حکومت حالات نارمل ہونے تک سرکاری مراعات کو بند کرے اپنے اخراجات میں کمی لائے اور غریبوں کو ریلیف دے وکلاء غریبوں کے شانہ بشانہ ہو کر غریب کی اواز بنے گے وکلاء کی ہڑتال پر وکلاء عدالتوں میں پیش نہیں ہوئے جس سے عدالتی کام ٹھپ ہو کر رہ گیا۔

بقیہ 65

طرف سے ڈیجیٹل اسکلز ٹریننگ پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ ڈیجیٹل اسکلز ٹریننگ پروگرام کے ذریعے 16 سالہ تعلیم کی حامل بے روزگار خواتین کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ڈیجیٹل اسکلز اور فری لائسنسنگ کے ذریعے انٹرنیٹ سے پیسے کمانے کا ہنر سکھایا جا رہا ہے۔ ماہر اساتذہ کے زیر نگرانی خواتین کو بہتر تربیت فراہم کی جا رہی ہے اس سلسلے میں پاک فوج نے تمام تر اقدامات کئے ہیں، خواتین اپنی مرضی کے مطابق ڈیجیٹل اسکلز پروگرام کے کورسز میں شرکت کر رہی ہے۔ ڈیجیٹل اسکلز سے خواتین نہ صرف انفارمیشن ٹیکنالوجی بلکہ آئی ٹی سے منسلک دیگر شعبے میں بھی صلاحیتوں کو بروئے کار لاسکتی ہے۔ اس علاقے کے مشیران خصوصاً خواتین نے ڈیجیٹل اسکلز پروگرام کے انعقاد پر پاک فوج کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 66

عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مریم نواز نے پنجاب کے تمام اضلاع سے تعلق رکھنے والی خواتین رہنماؤں اور عہدیداروں کے وفود نے مریم نواز شریف سے الگ الگ ملاقات کی۔ اس موقع پارٹی کے خواتین یوتھ ونگ کی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شعبہ خواتین کی عہدیداروں نے اپنے اپنے اضلاع میں پارٹی سرگرمیوں اور تنظیم کی کارکردگی سے متعلق مریم نواز شریف کو آگاہ کیا۔ مریم نواز شریف نے ویمن یوتھ ونگ کی عہدیداروں اور کارکنان کے جذبے کو سراہا۔ 4 گھنٹے تک مسلسل جاری رہنے والے اجلاس میں انٹرویوز کئے گئے اور خواتین کو مستقبل کے لئے گائیڈ لائنز دی گئیں۔

بقیہ 67

احتساب کرے گی ان چکر دھاریوں لٹیروں نے ہمیشہ عوام کا سودا کیا اب وہ وقت بہت قریب ہے جب عوام ان سے اپنے ناانصافیوں کا بدلہ لے گی

بقیہ 68

جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ پیر کو 3 روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے کے بعد شاہ محمود قریشی کو آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین کے سامنے میں پیش کیا گیا شاہ محمود قریشی کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق ایف آئی اے کی درخواست پر ان کیمرا سماعت کی گئی۔ پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی کی جانب سے مزید 5 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی تھی تاہم عدالت نے شاہ محمود قریشی کو دو روزہ جسمانی ریمانڈ پر ایف آئی اے کے حوالے کیا۔ سماعت ختم ہونے کے بعد شاہ محمود قریشی کے وکیل شعیب شاہین نے عدالت کے باہر صحافیوں کو بتایا کہ ان کے مؤکل کے ریمانڈ میں مزید دو دن کی توسیع کر دی گئی ہے۔ انہوں نے خصوصی عدالت کے جج کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کیس میں پیشرفت نہ ہونے پر مزید جسمانی ریمانڈ نہیں دیا جائے گا۔ یاد رہے کہ 19 اگست کو وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو اسلام آباد سے گرفتار کر لیا تھا اور انہیں سفارتی سائفر سے متعلق آفیشل سیکرٹ ایکٹ 1923 کے تحت درج مقدمے میں نامزد کر دیا گیا تھا، ان کی گرفتاری کے اگلے روز اسلام آباد کے مقامی مجسٹریٹ نے انہیں ایک روز کے لیے ایف آئی اے کی تحویل میں دے دیا تھا جس کے بعد اسلام آباد کی خصوصی عدالت نے شاہ محمود قریشی کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا تھا جس کے بعد آج انہیں ایک پھر عدالت میں پیش کر کے ان کا 3 روزہ ریمانڈ حاصل کیا گیا تھا۔ ایف آئی اے کی جانب سے درج فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (ایف آئی آر) میں شاہ محمود قریشی کو نامزد کیا گیا اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی دفعات 5 (معلومات کا غلط استعمال) اور 9 کے ساتھ تعزیرات پاکستان کی سیکشن 34 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔

بقیہ 69

مطابق اے ایل ایم کی سیٹ پر ڈیرہ غازی خان میں بھرتی ہونے والا خالد سہو اپنے والد (جو اس وقت سی او کا ڈرائیور تھا) کی سفارش پر اپنا سٹیٹس تبدیل کروا کر بل ڈسٹری بیوٹر بن گیا، سات سال بل ڈسٹیبیوٹ کر کے افسروں کی آشیر باد حاصل کرتے ہوئے میٹر ریڈر بن گیا، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس نے اپنے افسران بالا سے رشوت کی بھر مار کر کے اثر و رسوخ بڑھا لیے، اور بیس سال سے ایک ہی سب ڈویژن میں تعینات ہے جبکہ واپڈا رولز کے مطابق کوئی بھی میٹر ریڈر دو سال سے زائد وقت ایک سب ڈویژن میں نہیں گزار سکتا، میٹر ریڈر خالد سہو نے اس بہتی گنگا میں مزید ہاتھ دھونے کیلیے اثر و رسوخ اور لکشمی کا استعمال کرتے ہوئے ایم ایس ٹو کی پرموشن کیلئے اپنا نام سینارٹی لسٹ میں شامل کروانے میں کامیاب ہو گیا، جبکہ پرموشن کے اصل حق داروں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے والے خالد سہو اور پروموٹ کرنے والے افسران کے یہ بات اچھی طرح علم میں ہے کہ اے ایل ایم، ایم ایس ٹو کی پرموشن کیلئے اہل ہی نہیں ہوتا

چیئرمین ٹاؤن کمیٹی دوڑ چوہدری وسیم افضل راجپوت کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر شہر کی مختلف سیاسی، سماجی اور مذہبی شخصیات کی جانب سے مبارکباد دینے کا سلسلہ جاری

نوابشاہ رپورٹ (یونس خانزادہ) چیئرمین ٹاؤن کمیٹی دوڑ چوہدری وسیم افضل راجپوت کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر شہر کی مختلف سیاسی، سماجی اور مذہبی شخصیات کی جانب سے مبارکباد دینے کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں پیپلز پارٹی سٹی دوڑ کے صدر ظفر علی زرداری، جنرل کونسلر ڈاکٹر سید حبیب احمد شاہ، محمد یاسین بروہی، محمد عرس لاشاری، غلام سرور شیخ، سماجی شخصیات عبدالستار ججی، مسعود شاہ، عبدالوحید شاہ، انور عادل خانزادہ، بختیار چوہان، سرفراز چوہان شہریوں کی بڑی تعداد نے چوہدری وسیم افضل راجپوت کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی

جذبہ پروگرام کے فورمز JBV(JDF) اور WLG کی خواتین و مرد ممبران اور سیاسی جماعتوں کے عہدداران کے درمیان خواتین کی سیاسی شمولیت پر مکالمہ کروایا گیا

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ پاکستان کے جذبہ پروگرام کے زیر انتظام جذبہ پروگرام کے فورمز JBV(JDF) اور WLG کی خواتین و مرد ممبران اور سیاسی جماعتوں کے عہدداران کے درمیان خواتین کی سیاسی شمولیت پر مکالمہ کروایا گیا پروگرام کے آغاز میں ضلعی پروگرام آفیسر جذبہ پروگرام میڈم جویریہ مریم اور جذبہ ڈسٹرکٹ فورم کے اہم ممبر و سماجی رہنما اصغر رحمت نے پروگرام کا ایجنڈا پیش کیا دیگر شرکاء میں راؤ عمران واجد ایڈووکیٹ نائب صدر پنجاب لائرز ونگ PTI، میڈم حناءگل تحصیل صدر ن لیگ۔ میڈم رخسانہ عارف جنرل سیکرٹری ن لیگ خواتین اقلیتی ونگ، چیئرمین یونس اقبال ضلعی صدر منارٹی ونگ ن لیگ۔ میڈم فوزیہ رانجھا ضلعی صدر پیپلز پارٹی۔ میڈم ثروت صاحبہ ضلعی صدر جماعت اسلامی اور راؤ غالب اقبال نائب صدر فیلنگ ویلفیئر فاؤنڈیشن نے بھرپور شرکت کی سیاسی قائدین سے جذبہ فورمز کے ممبران نے سیاست میں خواتین کی شمولیت پر خاندانی۔ معاشرتی اور سیاسی پارٹیوں کی رکاوٹوں اور عدم توجہ کی طرف توجہ دلوائی جس کو سیاسی نمائندوں نے خوب سہرایا آخر میں سیاسی پارٹیوں کو چارٹر آف ڈیمانڈ دیا گیا جس میں خواتین کو جنرل سیٹوں پر %50 فیصد نمائندگی ودیگر امور پر زور دیا گیا۔

کانسٹیبل تھانہ کینٹ انظمام الحق ساہی شہید ہو گئے

سب دعا کریں اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اللہ مقام عطا فرمائے

سیالکوٹ (روبی طارق)۔ کانسٹیبل تھانہ کینٹ انظمام الحق ساہی شہید ہو گئے ۔سب دعا کریں اللہ تعالی ان کو جنت الفردوس میں اللہ مقام عطا فرمائے ابتدائی اطلاعات کے مطابق تھانہ کینٹ پولیس نے مقدمہ نمبر 12/23 بجرم 382 ت پ میں نامزد ملزم عظیم ولد لال دین ساکن بھاگو پنڈی کی گرفتاری کیلیے گاؤں بھاگو پنڈی ریڈ کرنے پہنچی تو ملزم نے ساتھیوں کے ہمراہ پولیس ٹیم پر اندھادھند فائرنگ کردی جس کی زد میں آکر پولیس کانسٹیبل انضمام الحق شہید ہوگیا ہے۔ وقوعہ کی اطلاع پر ڈی پی او سمیت پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ محمد حسن اقبال نے تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے واقعہ میں ملوث تمام ملزمان کو فوری گرفتار کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ اس سلسلہ میں ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش وگرفتاری کیلیے ٹیمیں روانہ کردی گئی ہیں۔

نگران وفاقی وزیر جمال شاہ کی فردوس جمال اور استاد بشیر احمد کے گھر آمد

لاہور(این این آئی) نگران وفاقی وزیر ثقافت اور قومی ورثہ جمال شاہ نے لاہور میں ٹی وی، اسٹیج، تھیٹر اور فلم کے نامور اداکار فردوس جمال کی رہائشگاہ پر جاکر ان کی عیادت کی اور ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ جمال شاہ نے پرائیڈ آف پرفارمنس فردوس جمال کی فن کے لیے طویل خدمات کو سراہا اور انہیں ملک کے لیے عظیم اثاثہ قرار دیا۔ وفاقی وزیر جمال شاہ لاہور میں لیونگ لیجنڈ استاد بشیر احمد کے گھر بھی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

عام انتخابات میں ہمارا مقابلہ مہنگائی سے ہے، میاں عبدالمنان

نگران حکومت کو چاہئے کہ یوٹیلٹی سٹورز پر غریب عوام کو دی گئی سبسڈی بحال اور بجلی کی قیمتوں میں بھی کمی کرے

مکوآنہ (این این آئی) سابق رکن قومی اسمبلی اور مسلم لیگ ن ٹریڈرز ونگ کے مرکزی صدر میاں عبدالمنان نے کہا ہے کہ عام انتخابات میں ہمارا مقابلہ مہنگائی سے ہے۔ نگران حکومت کو چاہئے کہ یوٹیلٹی سٹورز پر غریب عوام کو دی گئی سبسڈی بحال اور بجلی کی قیمتوں میں بھی کمی کرے۔ ایک اہل اور 3 بار وزیراعظم منتخب ہونے والے میاں نوازشریف کی جگہ پی ٹی آئی کا جو سیاسی پراجیکٹ پیش کیا گیا آج پوری قوم اور ایسے پروجیکٹ کو پیش کرنے والے بھی پریشان ہیں۔ آئی ایم ایف کے پاس جانے کی بجائے خودکشی کو ترجیح دینے والے فرد نے حسب معمول یوٹرن لے کر ایسے معاہدے کئے جن میں 25 روڑ عوام پھنس کر رہ گئی ہے۔ آج مہنگائی سے غریب عوام کے جو چولہے ٹھنڈے ہوئے ہیں اس کے ذمہ دار پی ٹی آئی کے چیئرمین ہیں۔ میاں نوازشریف نے اپنے ادوار میں ملکی تعمیر وترقی اور عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی میں جو کردار ادا کیا وہ ایک ریکارڈ کا حصہ ہے۔ اُنہوں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

سانحہ جڑانوالہ کے تانے بانے دشمن انٹیلی جنس ایجنسی سے ملتے ہیں، آئی جی پنجاب

نیٹ ورک توڑ دیا اب ایسے واقعات دوبارہ نہیں ہوں گے، سانحہ جڑانوالہ کے 3 مرکزی ملزمان سمیت بیشتر ملوث افراد کو گرفتار کرلیا گیا، عثمان انور

لاہور(یواین پی) آئی جی پنجاب کا کہنا ہے کہ سانحہ جڑانوالہ کے تانے بانے دشمن انٹیلی جنس ایجنسی سے ملتے ہیں، شرپسندوں کا نیٹ ورک توڑ دیا، اب ایسے واقعات دوبارہ نہیں ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ جڑانوالہ کیخلاف قانون حرکت میں آیا، جڑانوالہ سرگودھا واقعات کے ذمہ داروں کو گرفتار کرلیا ہے۔ سانحہ جڑانوالہ کے 3 مرکزی ملزمان سمیت بیشتر ملوث افراد کو گرفتار کیا گیا، سرگودھا واقعہ میں 3 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ جو لوگ دشمن کا آلہ کار بنے ہیں انہیں کیفرِ کردار تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ متاثرہ گرجا گھروں کی ازِ نو تعمیر جاری ہے، جبکہ مسیحی خاندانوں کی مدد بھی کی جا رہی ہے۔ آئی جی پنجاب نے شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ قانون ہاتھ میں نہ لیں، ہم کہہ چکے ہیں کہ مسلمانوں اور مسیحیوں کو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

پنجاب حکومت نے اسٹامپ ڈیوٹی میں 2 سے 10 گنا تک اضافہ کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے اسٹامپ ڈیوٹی میں 2 سے 10 گنا اضافہ کر دیا، بیان حلفی، معاہدوں، طلاق، پاور آف اٹارنی، کرایہ داری سمیت دیگر کے لئے اسٹامپ ڈیوٹی بڑھا دی، اسٹامپ ڈیوٹی کی مد میں سالانہ 4 ارب 21 کروڑ روپے عوام کی جیبوں سے مزید نکلوائے جائیں گے۔ بتایا گیا ہے کہ نگراں پنجاب حکومت نے اسٹامپ ڈیوٹی میں 2 سے 10 گنا اضافہ کر دیا ہے، دستاویزات کے مطابق اضافہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

آئی جی پنجاب کی ہدایات پر سرکل پتوکی میں پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاون جاری

پتوکی (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب کی ہدایات پر سرکل پتوکی کے تمام تھانوں میں پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاون جاری ہے اور اب تک کی کاروائیوں میں 30 سے زائد منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں چرس افیون اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

فوڈ ہینڈلرز کی مفت ٹریننگ اور میڈیکل سکریننگ، فوڈ لیبارٹری میں بہتری کا لائحہ عمل

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے فوڈ ہینڈلرز کی مفت ٹریننگ اور میڈیکل سکریننگ، فوڈ لیبارٹری میں بہتری کا لائحہ عمل تیار کرلیا۔ ڈاکٹر پلیتھا جی مہیپلا کی سربراہی میں عالمی ادارہ صحت کے وفد نے فوڈ اتھارٹی کا دورہ کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے ڈاکٹر پلیتھا کو پنجاب فوڈ اتھارٹی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی نے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

10 فیصد صارفین بھی بجلی کے بل ادا نہیں کرتے، مفتاح اسماعیل

گذشتہ حکومت میں فیصلہ ہوا تھا کہ مارکیٹیں جلد بند کی جائیں گی۔ پرویز الٰہی وزیر اعلیٰ تو انہوں نے مارکیٹوں سے متعلق تعاون چھوڑ دیا

اسلام آباد(یواین پی) سابق وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کا کہنا ہے کہ دس فیصد صارفین بھی بجلی کے بل ادا نہیں کرتے۔ لیگی رہنما نے کہا کہ مئی جون میں بجلی کی طلب زیادہ ہوتی ہے، مئی جون میں بجلی کی زیادہ لوڈ شیڈنگ نہیں کی گئی۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ مئی جون میں مہنگے فیول پر بجلی بنا کر فراہم کی گئی۔ مفتاح اسماعیل کا کہنا تھا کہ گذشتہ حکومت میں فیصلہ ہوا تھا کہ مارکیٹیں جلد بند کی جائیں گی۔ پرویز الٰہی وزیر اعلیٰ تو انہوں نے مارکیٹوں سے متعلق تعاون چھوڑ دیا۔ دکانداروں کی لابی ہوتی ہے۔ مارکیٹیں جلد بند کرانے میں کامیاب نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ جو بجلی کا بل ادا نہیں کرتے اس کا خمیازہ بھی بل دینے والے صارفین کو بھگتنا پڑتا ہے، ہم نے اصلاحات نہیں کیں اس کا خمیازہ آج بھگتنا پڑ رہا ہے۔ مفتاح اسماعیل نے مزید کہا کہ حکومت چاہے تو بجلی کے بلوں سے سیلز ٹیکس ختم کرسکتی ہے مگر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

کراچی۔ روشان فرنیچر کے سربراہ وحید کا میڈان پاکستان موومنٹ ایوارڈ ملنے کے بعد لیا گیا گروپ فوٹو

پاکستان کو توانائی کے بحران سے نکالنے میں مسلم لیگ (ن) کا ریکارڈ شاندار ہے، خرم دستگیر

عمران خان کے آئی ایم ایف سے کئے غریب دشمن معاہدے سے بجلی قیمت میں بار بار اضافہ ہوا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ(ن) کے مرکزی رہنما اور سابق وفاقی وزیر توانائی انجینئر خرم دستگیر خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو توانائی کے بحران سے نکالنے میں مسلم لیگ(ن) کا ریکارڈ شاندار ہے، 2013 میں قائم ہونے والی مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے محمد نوازشریف کی سربراہی میں پاکستان کو بجلی اور گیس کے بحران سے نکالا اور اپنے دور حکومت میں ہی بجلی کی لوڈ شیڈنگ ختم کی، عمران خان کے اپریل 2019 میں ائی ایم ایف سے کیے گئے غریب دشمن معاہدے کی وجہ سے بجلی کی قیمت میں بار بار اضافہ ہوا بنیادی ذمہ داری آج بھی ثاقب نثار ٹولے پر ہے جس نے پاکستان کو غیر متوازن کرنے میں گھناونا کردار ادا کیا۔۔ پیر کو جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کو توانائی کے بحران سے نکالنے میں مسلم لیگ (ن) کا ریکارڈ شاندار ہے، 2013 میں قائم ہونے والی مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے محمد نوازشریف کی سربراہی میں پاکستان کو بجلی اور گیس کے بحران

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

علاقہ بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن دورانِ کاروائی 3 بدنامہ زمانہ منشیات فروش گرفتار

شیخوپورہ: (بیورو چیف حماد خان ترین سے)ایس ایچ او تھانہ اے ڈویژن ثمر عباس ڈوگر کا اپنی ٹیم کے ہمراہ علاقہ بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن دوران کاروائی 3 بدنامہ زمانہ منشیات فروش گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 5 کلو چرس برآمد مقدمات درج گرفتار ملزمان میں ذوالفقار عرف جوچھی سانول عرف شامو اور دانش حفیظ شامل ہیں،

روزنامہ میرا شہر ملتان
ABC Certified
روزنامہ پاکستان
DAILY Pakistan National

اعلان تقرری
ذیشان ملک
کو
"روزنامہ میرا شہر لاہور/ملتان"
اور "روزنامہ پاکستان نیشنل" کی جانب
سے "بیورو چیف فیصل آباد" کیا گیا ہے۔
تمام سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں
خبریں اور اشتہارات کے لیے رابطہ کریں۔
منجانب
ادارہ:

آئی جی پنجاب کا تھانہ مزنگ کا دورہ مختلف شعبوں کا معائنہ کیا

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے تھانہ مزنگ کا دورہ کرکے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا، ڈاکٹر عثمان انور نے تھانہ مزنگ میں شہریوں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے اسٹیٹ آف دی آرٹ سپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشن اپ گریڈیشن بارے خصوصی پیغام میں کہا کہ پنجاب پولیس تھانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

دیہات میں شہروں کی طرز پر صفائی کے بڑے پروگرام کا آغاز کر دیا گیا

سرگودہا(این این آئی) سرگودھا میں 'اب گاؤں چمکیں گے' میں محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے سٹاف ٹریننگ کے خصوصی سیشن میں ضلع بھر کے سیکرٹری یونین کونسل و دیگر سٹاف نے تربیت حاصل کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بابر شہزاد رانجھا نے کہا کہ دیہات میں شہروں کی طرز پر صفائی کے بڑے پروگرام کا آغاز کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار دیہات کو بھی شہروں کی طرز پر صفائی کا عملہ اور سہولیات مہیا کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گاؤں کی سطح پر کمیٹیاں تشکیل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

تعلیم کا مقصد صرف ڈگری حاصل کرنا نہیں اسکے ساتھ تعمیر اور تہذیب سیکھنا بھی شامل ہے، یاسر عرفات رامے

کاموکے(این این آئی) تعلیم حاصل کرنے کا مطلب صرف سکول، کالج یونیورسٹی سے کوئی ڈگری لینا نہیں بلکہ اسکے ساتھ تعمیر اور تہذیب سیکھنا بھی شامل ہے تاکہ انسان اپنی معاشرتی روایات اور اقتدار کا خیال رکھ سکے۔ ان خیالات کا اظہار سماجی سیاسی رہنما و ڈائریکٹر الائیڈ سکول کاموکے کیمپس یاسر عرفات رامے ایڈووکیٹ نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کیلئے ترقی کی ضامن ہے، سکول کسی بھی ملک کی حفاظت کیلئے نہایت ضروری ہیں، طلبہ کی بہترین تعلیمی رہنمائی کے ساتھ ان کی کردار سازی بھی اعلیٰ تعلیم کے اہداف کا ماحصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی ذہن کو اگر بچپن ہی سے تعلیم و تہذیب کی اعلیٰ روایات کی تشکیل کی جانب مائل کر دیا جائے تو معاشرتی و سماجی امن و استحکام کی راہ میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی طور پر تعلیم کا مرکز اور حقیقی بنیاد استاد ہوتا ہے استاد تبدیلی کی کلید ہے اور تعلیم ایک پیغمبرانہ پیشہ ہے۔

پی سی ون کی تیاری کے لئے ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی اور ڈی ڈی سی کے اراکین کا تربیتی سیشن منعقد

سینئر پروگرام منیجر پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ عثمان شعیب اور منیجر/انچارج ای خدمت مرکز مدثر سہرانی نے تربیت دی

مظفرگڑھ(بیوروچیف احمد خان کھوسہ) سیکریٹری پلاننگ حکومت پنجاب کی ہدایت پر ای خدمت مرکز ڈیرہ غازیخان میں سمارٹ مانیٹرنگ آف ڈویلپمنٹ پراجیکٹس (ایس ایم ڈی پی) کے تحت پی سی ون کی تیاری کے لئے ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی اور ڈی ڈی سی کے اراکین کا تربیتی سیشن منعقد ہوا۔ سینئر پروگرام منیجر پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ عثمان شعیب اور منیجر/ انچارج ای خدمت مرکز مدثر سہرانی نے تربیت دی۔ ٹرینر عثمان شعیب اور مدثر سہرانی نے بتایا کہ سمارٹ مانیٹرنگ آف ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے تحت پی سی ون کی آن لائن تیاری کے تربیتی سیشن کے علاوہ شرکاء کے سوالوں کے جوابات دیئے گئے۔ شرکاء نے پی آئی ٹی بی کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پی سی ون کی آن لائن تیاری سے ترقیاتی منصوبوں کی جلد تکمیل کے ساتھ شفافیت میں بہتری آئے گی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ وفنانس وسیم اختر جتوئی نے بتایا کہ سیکرٹری پلاننگ وڈویلپمنٹ نادر چٹھہ، کمشنر ڈیرہ غازیخان ڈویژن ڈاکٹر ناصر محمود بشیر، سیکرٹری پی اینڈ ڈی طارق بخاری کی ہدایت پر ڈیرہ غازیخان ڈویژن کے ترقیاتی محکموں کے افسران نے پراجیکٹس کے آن لائن اندراج اور دیگر مراحل کے حوالے سے ٹریننگ دی۔ دلشاد احمد اے ایس ٹیکنیکل سی اینڈ ڈبلیو جنوبی پنجاب و ایس ای ہائی ویز ڈی جی خان ڈویژن، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ امیر مسلم، ایس ای پبلک ہیلتھ شعیب فیاض، ایکسیئن لوکل گورنمنٹ خلیل کھوسہ اور دیگر موجود تھے۔

اوکاڑہ خاوند نے باپ اور بھائی سے مل کر بیوی کو مبینہ طور پر زہر کھلا کر قتل کر دیا

ملزم اور مقتولہ کی 8 ماہ قبل شادی ہوئی تھی، شادی کے کچھ عرصہ بعد ہی عمران نے اپنی بیوی سے اس کے حصہ کی زرعی اراضی کا تقاضا کرنا شروع کر دیا

اوکاڑہ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ خاوند نے باپ اور بھائی سے مل کر بیوی کو مبینہ طور پر زہر کھلا کر قتل کر دیا۔ ملزم اور مقتولہ کی 8 ماہ قبل شادی ہوئی تھی ایف ائی ار کے مطابق چک نمبر 15 جی ڈی کے رہائشی عمران ولد ذوالفقار کی شادی 8 ماہ قبل شاہین عرف شانہ بی بی سے ہوئی تھی شادی کے کچھ عرصہ بعد ہی عمران نے اپنی بیوی سے اس کے حصہ کی زرعی اراضی کا تقاضا کرنا شروع کر دیا شانہ بی بی کے انکاری پر میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا ہونے لگا وقوعہ کے روز خاوند نے اپنے باپ ذوالفقار اور بھائی اکبر وغیرہ سے مل کر شانہ بی بی کو تشدد کا نشانہ بنایا اور اسے زہر کھلا دیا جس کی حالت غیر ہونے پر ملزمان اسے ساہیوال ہسپتال لے جارہے تھے کہ وہ راستے میں ہی جاں بحق ہو گئی ملزمان نے غلط بیانی کر کے تھانہ ستگھرہ میں شانہ بی بی کی موت کو طبعی موت مرنے کی زیر دفعہ 174 ض ف کی رپٹ درج کرادی جبکہ مقتولہ کے باپ نے ڈسٹرکٹ ہسپتال اوکاڑہ سے بیٹی کا پوسٹ مارٹم کرا کر میڈیکل رپورٹ حاصل کی اور تھانہ ستگھرہ میں 5 نامزد اور 3 نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ نمبر 393/23 درج رجسٹرڈ کرادیا پولیس نے تفتیش شروع کردی ھے بعد از تفتیش اصل حقائق سامنے ائینگے۔

ماں کا دودھ ماں اور بچے کی صحت کو بہتر بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے: ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ

ماں بچے کی صحت کو بہتر بنانے کیلئے آئی آر ایم این سی ایچ پروگرام تمام وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔ ڈاکٹر ذوالفقار

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ ماں کا دودھ ماں اور بچے کی صحت کو بہتر بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے ۔ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ:: ماں بچے کی صحت کو بہتر بنانے کیلئے آئی آر ایم این سی ایچ پروگرام تمام وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔ ڈاکٹر ذوالفقار ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر آئی آر ایم این سی ایچ پروگرام:: ماں کا دودھ نوزائیدہ بچے کے لئے ایک نعمت ہے۔ ماں کے دودھ کی اہمیت اور افادیت کی آگاہی کے حوالے سے مرکز صحت شیریں معافی میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ اوکاڑہ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ نوزائیدہ بچے کے لئے ماں کا دودھ بڑی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ ماں کا دودھ ہی 5 سال سے کم عمر بچوں میں ہر سال ہونے والی تقریباً 82300 اموات کو روک سکتا ہے اسکی بدولت تقریباً 20 ہزار ماؤں کو بریسٹ کینسر کی وجہ سے موت کے منہ سے بچایا جا سکتا ہے۔ سی ای ہیلتھ نے کہا کہ محتاط اندازے کے مطابق تقریباً 76 لاکھ بچے ہر سال ماں کا دودھ پینے سے محروم رہ جاتے ہیں اور سب سے اہم بات بچوں کے لئے ماں کا دودھ فارمولا ملک کے اضافی خرچ کی نسبت مفت میسر ہوتا ہے، بچوں کے لئے سب سے سستا بازاری دودھ ایک گھرانے پر 3 لاکھ 30 ہزار سالانہ اضافی خرچ کے بوجھ کا باعث بنتا ہے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ذوالفقار ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر، افضل کامیانہ مانیٹرنگ آفیسر اور ڈاکٹر سیدہ حمیدہ شاہ نے کہا کہ بریسٹ فیڈنگ ویک منانے کا مقصد عوام کو آگاہی دینا ہے کہ ماں کا دودھ پلانا حکم خداوندی ہے اور میڈیکل ریسرچ نے بھی اس دودھ کو بچے کے لئے انمول تحفہ قرار دیا ہے، ماں کے دودھ سے بچے بہت سی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں انھوں نے کہا کہ بریسٹ فیڈنگ ویک کے دوران ضلع بھر کے تمام مراکز صحت پر خصوصی کاؤنٹر عوام کو آگاہی کے لئے بنائے گئے ہیں جہاں محکمہ صحت کا تربیت یافتہ عملہ بچوں کو بریسٹ فیڈنگ کروانے والی ماؤں کو درپیش مسائل اور اس کا مناسب علاج وہدایات بھی فراہم کرتا ہے اس کے علاوہ ضلع بھر کی 17 سولیڈی ہیلتھ ورکرز اور سپروائزرز کمیونٹی میں گھر گھر جا کر ماں کے دودھ کی اہمیت اور شعور بیدار کر رہی ہیں سیمینار میں مقررین نے عوام سے اپیل کی کہ نوزائیدہ بچوں کو ماں کا دودھ لازمی پلائیں کیونکہ یہ ان کا پیدائشی حق ہے

چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے

چائلڈ لیبر ایکٹ کی خلاف ورزی اور رائج کردہ مزدوری نہ دینے والوں کے خلاف متعلقہ محکمے یکجا ہوکر کاروائیاں کریں: مزمل الیاس

ننکانہ صاحب (محمد اجمل شہزاد بیوروچیف): نگران وزیر اعلی پنجاب سید محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر چائلڈ لیبر ایکٹ کی خلاف ورزی اور رائج کردہ مزدوری نہ دینے والوں کے خلاف متعلقہ محکمے یکجا ہوکر کاروائیاں کریں، چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے، پوری تنخواہ کی وصولی ورکرز کا حق ہے، رائج کردہ تنخواہوں پر سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب مزمل الیاس نے چائلڈ لیبر ایکٹ پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ ڈسٹرکٹ ویجیلنس کمیٹی کے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر ننکانہ شاہدہ لطیف، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل سیکورٹی کارڈز ذولفقار علی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات چوہدری عبدالقیوم، بھٹہ مالکان ودیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ ویجیلنس کمیٹی کے اجلاس میں جبری مشقت، چائلڈ لیبر، سوشل سیکورٹی کارڈ، بھٹوں کی رجسٹریشن اور بھٹہ مزدوروں کی اجرت جیسے معاملات زیر غور آئے۔ اس موقع پر محکمہ لیبر کی جانب سے ضلع بھر میں چائلڈ لیبر ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کی گئی کارروائیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ چائلڈ لیبر ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں اور کم مزدوری دینے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے متعدد اینٹوں کے بھٹوں سمیت دوکانوں پر انسپکشن کی گئی جس کے دوران کم مزدوری دینے والے کاروباری حضرات کے چالان عدالت کو بھجوا دیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ نے اس موقع پر محکمہ لیبر کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ ضلع بھر سے چائلڈ لیبر کے مکمل خاتمے کے لیے بھرپور اقدامات کریں اور اس حوالے سے متعلقہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے بھٹہ مالکان کے خلاف فوری ایکشن لیں تاکہ بھٹہ مزدوروں کو حکومت کی طرف سے رائج کردہ مزدوری کی ادائیگی کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جاسکے۔

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کا بھی بجلی بلوں میں خطرناک حد تک اضافہ

ملک بھر میں سول سوسائٹی کا سڑکوں پر نکل احتجاج کرنے کی حمایت کا اعلان کر دیا

صدر گوگیرہ (مجاہد جٹ سے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کا بھی بجلی بلوں میں خطرناک حد تک اضافہ۔ ملک بھر میں سول سوسائٹی کا سڑکوں پر نکل احتجاج کرنے کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کا ایک ہنگامی اجلاس بار روم میں زیر صدارت صدر بار میاں طلعت حسین ایڈووکیٹ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں بجلی کی حالیہ اور تیزی سے بڑھتی ہوئی قیمتوں پر انتہائی تشویش کا اظہار کیا گیا اس موقع پر صدر بار میاں طلعت حسین ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہم اپنی قوم کے ساتھ اور ان پر بجلی بلوں کے نام پر مہنگائی کے اس بدترین حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت کو انتباہ کرتے ہیں کہ وہ اس ظلم کو فوری ختم کرے۔ جنرل سیکرٹری بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ محمد جنید کچھی ایڈووکیٹ نے ہم مہنگائی کے گرداب میں پہلے ہی غوطہ زن قوم کو تنہا نہیں چھوڑیں گے ان پر ہونے والے ہر ظلم پر ہم ان کے ساتھ ہیں جنید کچھی ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ شہریوں کی جانب سے مہنگائی کے باعث روزانہ کی بنیاد پر شروع ہونے والا خودکشیوں کا ایسا سلسلہ پاکستان کی تاریخ میں پہلے کبھی نہیں دیکھا حکومت ہوش کے ناخن لے اور کو سول نافرمانی اور انارکی کی جانب دھکیلنے سے باز آئے، ہم قوم کے ساتھ ہیں انہیں ہر طرح کے قانونی تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔ جنید کچھی ایڈووکیٹ کی جانب سے قوم کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلیے بار کی جانب ہڑتال کا بھی اعلان کر دیا۔ شہریوں نے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کی جانب سے ہمدردی۔ اظہار یکجہتی اور تعاون کے عزم پر انتہائی خوش آئند قرار دیا ہے۔

ہائی کورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کی دونوں بہنوں کی ملاقات سے متعلق درخواست میں فیصلہ محفوظ کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے چیئرمین پی ٹی آئی کی دونوں بہنوں کی ملاقات سے متعلق درخواست میں فیصلہ محفوظ کرلیا۔ پیر کو سماعت کے دوران علیمہ خانم اور عظمی خان اپنے وکلاء شیراز احمد رانجھا اور بیرسٹر عمیر نیازی کے ہمراہ عدالت کے پیش ہوئیں، اور موقف اختیار کیا گیا کہ آپ نے 18 اگست کو آرڈر کیا تھا لیکن بہنوں کو چیئرمین پی ٹی آئی سے ملنے کی اجازت نہیں دی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

سرگودھا ڈویژن میں ماں کے دودھ کی افادیت کو اجاگر کرنے کے لئے ہفتہ گلوبل بریسٹ فیڈنگ جاری

سرگودہا(این این آئی) ملک بھر کی طرح سرگودھا ڈویژن کے چاروں اضلاع میں ماں کے دودھ کی افادیت کو اجاگر کرنے کے لئے ہفتہ گلوبل بریسٹ فیڈنگ (بچے کے لئے ماں کا دودھ)2 ستمبر تک جاری ہے۔ جس کا مقصد لوگوں کو بچے کے لئے ماں کے دودھ کی اہمیت اور افادیت سے اگاہی دینا ہے۔ ماں کے دودھ کی افادیت کو اجاگر کرنے کے لئے سرگودھا کے چاروں اضلاع میں گلوبل بریسٹ فیڈنگ (بچے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

پی ٹی آئی نے ملک میں عام انتخابات 90 دنوں میں کرانے کی آئینی درخواست سپریم کورٹ میں دائر کردی

اسلام آباد(این این آئی) پی ٹی آئی نے ملک میں عام انتخابات 90 دنوں میں کرانے کی آئینی درخواست سپریم کورٹ میں دائر کردی۔ پیر کو پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل عمر ایوب نے وکیل علی ظفر کے توسط سے درخواست دائر کی ہے جس میں استدعا کی گئی کہ سپریم کورٹ صدر کو ہدایت کرے کہ 90 دنوں میں انتخابات کی تاریخ کا اعلان کرے، سپریم کورٹ چاروں صوبوں کے گورنرز کو بھی ہدایات جاری کرے۔ استدعا کی گئی کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان کے مختلف حصوں میں زلزلہ، لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا

سوات (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع سوات، مالاکنڈ اور گرد ونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں جس کے باعث لوگ کلمہ طیبہ اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے اور کئی گھنٹے کھلے آسمان تلے گزارے۔ زلزلہ کوہ پیما کے مطابق خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان کے مختلف اضلاع وشہروں پشاور، دیر، سوات، مالاکنڈ، ایبٹ آباد، مہمند، شبقدر، مردان، اٹک اور چارسدہ میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کیمطابق پانچ اعشاریہ دوشدت کے زلزلے کا مرکز کوہ ہندوکش کا پہاڑی سلسلہ تھا جبکہ گہرائی 184 کلو میٹر تھی۔ زلزلہ کوہ پیما کے مطابق پاراچنار شہر سمیت ضلع بھر میں بھی شدید جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔

چیئرمین تحریک انصاف کی توشہ خانہ کیس میں سزا کی معطلی کی درخواست پر فیصلے کے اجراء میں تاخیر پر تشویش ہے، کور کمیٹی

لاہور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیئرمین تحریک انصاف کی توشہ خانہ کیس میں سزا کی معطلی کی درخواست پر فیصلے کے اجراء میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ کون ہے جو بغیر کسی قانونی جواز کے چاہتا ہے کہ چیئرمین تحریک انصاف کو پابند سلاسل رکھا جائے، پی ٹی آئی چیئرمین کو جیل میں قید رکھنے کا ریاست کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

عوام کو ریلیف دینے کا فیصلہ پھر (آج) کابینہ کے اجلاس تک مؤخر

اسلام آباد (این این آئی) نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی زیر صدارت بجلی کے بلوں پر دوسرا اجلاس ہوا تاہم عوام کو ریلیف دینے کا فیصلہ (آج) منگل تک مؤخر ہوگیا۔ وزارت توانائی میں ہوئے اجلاس میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے تجاویز تیار کرلی گئیں، جو (آج) منگل کو وفاقی کابینہ میں پیش کی جائیں گی، حتمی فیصلہ (آج) منگل وفاقی کابینہ کے اجلاس میں کیا جائے گا۔ اجلاس میں اراکین عبوری کابینہ، سیکریٹری پاور، چیئرمین واپڈا، چیئرمین نیپرا و دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام شریک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

کانہ صاحب: ڈپٹی کمشنر مزمل الیاس ربن کاٹ کر ہفتہ بریسٹ فیڈنگ کا افتتاح جبکہ دوسری جانب آگاہی سٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

ضلع ننکانہ صاحب میں بھی ہفتہ بریسٹ فیڈنگ کا آغاز کر دیا گیا

جس کا باقاعدہ افتتاح ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب مزمل الیاس نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں ربن کاٹ کر کیا

ننکانہ صاحب(محمد اجمل شہزاد بیوروچیف): نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر صوبہ بھر کی طرح ضلع ننکانہ صاحب میں بھی ہفتہ بریسٹ فیڈنگ کا آغاز کر دیا گیا ہے جس کا باقاعدہ افتتاح ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب مزمل الیاس نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں ربن کاٹ کر کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ اتھارٹی ننکانہ ڈاکٹر محمد اظہر امین، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ننکانہ، ڈاکٹرز، میڈیکل وپیرا میڈیکل سٹاف سمیت سول سوسائٹی کے افراد بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب مزمل الیاس نے ہفتہ بریسٹ فیڈنگ کے حوالے سے لگائے گئے آگاہی سٹالز کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ ہفتہ بریسٹ فیڈنگ منانے کا مقصد لوگوں میں ماں کے دودھ کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے اور مصنوعی دودھ کے نقصانات بارے آگاہ کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ مزمل الیاس نے بتایا کہ ہفتہ بریسٹ فیڈنگ آج سے شروع ہوکر 02 ستمبر تک جاری رہے گا جس کے دوران آگاہی سیمینار، میڈیا کانفرنس اور آگاہی ریلیوں کا اہتمام کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ نے کہا کہ اس ہفتہ کے دوران نومولود بچے کے لیے ماں کے دودھ کی افادیت اور اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا، علماء کرام بھی خطبات میں بچے کے لیے ماں کے دودھ کی اہمیت کو بیان کریں۔ اس موقع پر سی ای او ہیلتھ اتھارٹی ننکانہ نے بتایا کہ ہفتہ بریسٹ فیڈنگ میں لیڈی ہیلتھ ورکرز اور ہیلتھ نیوٹریشن سپروائزرز حصہ لیں گے ، نیوٹریشن سپروائزرز مردانہ کمیٹی کے ممبران کے ساتھ مل کر مرد حضرات کو ماں کے دودھ کی افادیت کے بارے میں آگاہ کریں گے تاکہ وہ محکمہ صحت کا پیغام گھریلوں خواتین تک پہنچا سکیں۔

احتجاج - احتجاج - احتجاج
بجلی کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ و دیگر ٹیکسز
نامنظور - نامنظور - نامنظور
عوامی احتجاج
احتجاج

صور: تاجر برادری، پاور لوم مزور ورکرز، مزدور رہنما اور عوام بجلی کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے اور اضافی ٹیکسز کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

عوام کا بجلی کے بلوں کو آگ لگا کر احتجاج اور بل جمع نہ کروانے کا اعلان

اگر کوئی واپڈا ملازم میٹر بجلی اتارنے آئے گا تو نتائج کی ذمہ داری اس پر عائد ہوگی

قصور (بیوروچیف عدنان علی سے) عوام کا بجلی کے بلوں کو آگ لگا کر احتجاج اور بل جمع نہ کروانے کا اعلان۔ اگر کوئی واپڈا ملازم میٹر بجلی اتارنے آئے گا تو نتائج کی ذمہ داری اس پر عائد ہوگی۔ حکومت بجلی کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ فوری واپس لے ورنہ سرکاری دفاتر کا گھیراؤ بھی کریں گے۔ تفصیل کے مطابق بجلی کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافے اور دیگر ٹیکسز کے خلاف عوام نے بڑی تعداد میں احتجاج کیا۔ قصور شہر سے تعلق رکھنے والے سیاسی وغیر سیاسی رہنماؤں، تاجر برادری اور عوام کی بڑی تعداد نے احتجاج میں حصہ لیا۔ عوام نے اپنے بجلی کے بلوں کو آگ لگا کر بلوں کو جمع نہ کرانے کا بھی اعلان کیا اور ساتھ ساتھ یہ بھی اعلان کیا کہ اگر کوئی واپڈا والا ان کا کنکشن بجلی منقطع کرنے آئے گا تو وہ نتائج کا خود ذمہ دار ہوگا۔ اس موقع پر پاور لومز ایسوسی ایشن کے صدر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں پہلے ہی پاور لومز کا کاروبار بند ہو کر رہ گیا ہے اور اوپر سے حکومت نے آئی ایم ایف کی شرطیں مان کر غریب عوام اور مزدوروں کا برا حال کر دیا ہے۔ غریب عوام اب اتنا بوجھ برداشت نہیں کر سکتی کیونکہ وہ پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں اور اوپر سے بلوں کی قیمتوں میں اضافہ اور اب عوام کا صبر جواب دے گیا ہے۔ اس لئے عوام اپنے حق کے لیے سڑکوں پر آئی ہے۔ ہم حکومت سے اپیل کرتے ہیں کے بلوں سے اضافی ٹیکسز اور بگ جلی کی قیمت کو کم کیا جائے وگرنہ ہم یہ احتجاج جاری رکھیں گے، اس سلسلے میں سرکاری دفاتر کا گھیراؤ بھی کریں گے جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

جتوئی۔ سردار صادق خان مستوئی کے ڈیرہ پر حلقہ پی پی 277 کی عوام سے امیدوار MPA انجینئر سردار شاہد خان گفتگو کرتے ہوئے

دوستوں کی محبتوں کی بدولت آئندہ انتخابات میں حصہ لیں گے: شاہد عباس خان سٹھاری

سابق چیئرمین یونین کونسل رام پور سردار واحد بخش خان مستوئی ودیگر نے بھی انجینئر شاہد عباس خان سٹھاری کی حمایت کا اعلان کر دیا

جتوئی (ڈاکٹر مشتاق گجر سے) دوستوں کی مشاورت اور محبتوں کی بدولت آئندہ انتخابات میں بھرپور طریقے سے حصہ لیں گے امیدوار ایم پی اے انجینئر شاہد عباس خان سٹھاری ، سابق چیئرمین یونین کونسل رام پور سردار واحد بخش خان مستوئی ودیگر نے بھی انجینئر شاہد عباس خان سٹھاری کی حمایت کا اعلان کر دیا تفصیل کے مطابق انجینئر شاہد عباس خان سٹھاری کی مقبولیت اور حامیوں میں روز بروز اضافی ہورہا ہے اور روائتی سیاسی گروپوں کی اجارہ داری ختم ہوتی نظر آرہی ہے ان خیالات کا اظہار انجینئر شاہد عباس خان سٹھاری کی حمایت اور پذیرائی کیلئے بخاری گروپ کے سینئر رہنما سردار صادق خان مستوئی کے ڈیرے پر سردار مجاہد خان لغاری سابق ناظم بیلے والا کی سرپرستی میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں انجینئر شاہد عباس خان سٹھاری کے چیدہ چیدہ دوستوں نے شرکت کی جبکہ انجینئر شاہد عباس خان سٹھاری کے حامیوں میں نئے شامل ہونے والے سردار واحد بخش خان مستوئی سابق چیئرمین یونین کونسل رام پور، سردار فیض محمد خان مستوئی معروف سیاسی شخصیت سردار سلیمان خان غزلانی، سردار جاوید خان غزلانی اور چوہدری منظور حسین آرائیں سمیت دیگر نے بھر پور طریقے سے شرکت کی اور گروپ میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے کہا کہ ہم سردار شاہد خان سٹھاری کے ساتھ ہیں اور ہمیشہ ایک ساتھ رہتے ہوئے مشترکہ لائحہ عمل اپنائیں گے اس موقع پر انجینئر شاہد عباس خان سٹھاری نے کہا کہ دوستوں کی خواہش اور محبتوں کی بدولت بطور امیدوار میدان میں آیا ہوں اور انشااللہ دوستوں کے تعاون سے بھرپور کامیابی حاصل کریں گے اور ہمارا کسی کے ساتھ مقابلہ نہیں ہے، ہم دوستوں نے طے کیا ہے کہ اپنے دوستوں کو ہی انتخابات میں سپورٹ کریں گے کسی امپورٹڈ امیدوار کو مسلط نہیں ہونے دیں گے اس موقع پر سردار نصراللہ خان کورائی سابق ترجمان بخاری گروپ ، ملک مظفر جڑھ سابق ناظم، ملک سعید قادر دھریجہ، ملک امداد رونجہ، ملک یوسف آرائیں اور دیگر بخاری گروپ کے رہنما موجود تھے

نوزائیدہ بچوں کو ماں کا دودھ پلانے سے بہت سے بیماریوں سے محفوظ کیا جاسکتا ہے، طاہر امین

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس کا آئی آر ایم این سی ایچ پروگرام، ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی اوکاڑہ کے زیر اہتمام بریسٹ فیڈنگ ویک سیمینار سے خطاب

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپوٹر) نوزائیدہ بچوں کو ماں کا دودھ پلانے سے بہت سے بیماریوں سے محفوظ کیا جا سکتا ہے طاہر امین ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس کا آئی آر ایم این سی ایچ پروگرام، ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی اوکاڑہ کے زیر اہتمام بریسٹ فیڈنگ ویک سیمینار سے خطاب، ماں کے دودھ کی اہمیت اور افادیت سے کسی بھی صورت انکار نہیں کیا جا سکتا، بریسٹ فیڈنگ ویک کا مقصد عوام، خصوصاً خواتین کو دودھ کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا ہے، یہ ہفتہ 28 اگست سے 02 ستمبر تک پنجاب بھر کی طرح اوکاڑہ میں بھی منایا جارہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ نوزائیدہ کو صرف اور صرف ماں کا دودھ پلانے سے ماں اور بچے دونوں صحت مند رہتے ہیں۔ سیمینار سے چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ذوالفقار اور مانیٹرنگ آفیسر آئی آر ایم این سی ایچ پروگرام افضل کامیانہ نے بریسٹ فیڈنگ ویک کی اہمیت اور نوزائیدہ بچوں کے لئے ماں کے دودھ کی افادیت کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو کی

میپکو سب ڈویژن نواں شہر میں پرموشن کے حصول کیلئے بڑی بے ضابطگیوں کا انکشاف

اے ایل ایم کی سیٹ پر بھرتی ہونے والا خالد سہو افسروں کا منظور نظر بن کر میٹر ریڈر بن گیا

ملتان (سٹاف رپورٹر) میپکو سب ڈویژن نواں شہر میں پرموشن کے حصول کے لیے بڑی بے ضابطگیوں کا انکشاف، اے ایل ایم کی سیٹ پر بھرتی ہونے والا خالد سہو افسروں کا منظور نظر بن کر میٹر ریڈر بن گیا، 20 سال سے ایک ہی سب ڈویژن میں رہنے والے خالد سہو نے اثر ورسوخ اور لکشمی کے بل بوتے پر ایم ایس ٹو کی سینارٹی لسٹ میں آ گیا، ایم ایس ٹو کی حقیقی پرموشن حاصل کرنے والوں کے حق پر ڈاکہ ڈالا گیا، ملازمین میں اضطرابی کیفیت کا انکشاف، تفصیل کے مطابق میپکو سب ڈویژن نواں شہر میں پرموشن کے حوالے سے بڑی بے ضابطگیوں کا انکشاف سامنے آیا ہے، باوثوق ذرائع کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

ایمان مزاری ایڈووکیٹ اور سابق ایم این اے علی وزیر کی درخواست ضمانت بعد از گرفتاری منظور

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین کی عدالت نے کار سرکار میں مداخلت اور اشتعال پھیلانے کے کیس میں ایمان مزاری ایڈووکیٹ اور سابق ایم این اے علی وزیر کی درخواست ضمانت بعد از گرفتاری منظور کرلی۔ سماعت کے دوران پراسیکیوٹر نے ایمان مزاری کی جلسہ میں تقریر کا ٹرانسکرپٹ پڑھا اور درخواست ضمانت مسترد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

پٹرول اور بجلی کے نرخ بڑھنے سے اشیاء خوردونوش پر بھی اثر پڑھنے لگا

اسلام آباد (این این آئی) پٹرول اور بجلی کے نرخ بڑھنے سے اشیاء خوردونوش پر بھی اثر پڑھنے لگا۔ یوٹیلٹی اسٹورز میں اشیاء اوپن مارکیٹ سے مہنگی فروخت ہونے لگیں،، آٹا، دال چنا، دال مسور مہنگے داموں فروخت ہورہی ہیں، یوٹیلٹی سٹورز پر آٹا 2840 روپے میں 20 کلو کا تھیلا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

مظفر آباد۔ سیکرٹری جنگلات امتیاز احمد کشمیر فاریسٹ سکل میں تربیت فاریسٹر گارڈز کو جنگلات کی اہمیت کے حوالے سے لیکچر دے رہے ہیں

بجلی قیمتوں میں کمی، اشرافیہ کی شاہ خرچیاں کنٹرول کی جائیں، سلیم رضا

بجلی کی قیمتوں میں اضافے کی بجائے سرکاری افسران کے دفاتر میں نصب اے سی اتارے جائیں

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ بجلی قیمتوں میں کمی اور اشرافیہ کی شاہ خرچیاں کنٹرول کی جائیں، بجلی کی قیمتوں میں اضافے کی بجائے سرکاری افسران کے دفاتر میں نصب اے سی اتارے جائیں، مسلم لیگ (ن) کی قیادت بجلی قیمتوں میں اضافے کیخلاف عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے ۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ صرف ''واپڈا'' والے یونٹ فری نہیں لیتے، گیس والوں کو گیس فری ہے، پی آئی اے والوں کو ائیر ٹکٹ فری ہے ریلوے والوں کو ٹکٹ فری ہے، ایم این ایز، ایم پی ایز اور ججوں کو گیس، پیٹرول، ٹکٹس، گھر نوکر چاکر سب فری ہیں اور عوام بلوں کی ادائیگی کیلئے سکت نہ رکھنے پر خود کشیاں کررہے ہیں اشرافیہ کی یہ سب عیاشیاں ختم ہونگی تو پھر عوام کو سکھ کا سانس آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ نگران حکومت وزیروں مشیروں اور افسر شاہی کے پروٹوکول کو مکمل طور پر ختم کرے تمام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24